حضرت تھانویؒ نے جن اور آسیب سے نجات پانے کا ایک اور مؤثر عمل لکھا ہے۔ ابن قتیبہؒ سے منقول ہے کہ ایک شخص بصرہ میں تجارت کی غرض سے گیا۔ وہاں پہنچ کر کرایہ کا مکان تلاش کیا۔ اتفاق سے کوئی گھر نہ ملا۔ ایک گھر ملا جس میں مکڑی نے جالے بنا رکھے تھے۔ اس نے مالک مکان سے کرایہ پر مکان مانگا۔ اس نے کہا کہ خیر مکان تو دے دوں گا مگر سوچ لو، اس میں بہت بڑا جن رہتا ہے۔ جو شخص اس میں رہائش اختیار کرتا ہے، جن اس کو مار ڈالتا ہے۔ اس نے کہا، آپ کرایہ پر دے دیجئے، آگے اللہ مالک ہے۔ اس نے دے دیا۔ اس شخص نے اس میں قیام کر لیا۔ لیکن جب رات آئی تو ایک شخص سیاہ فام، جس کی آنکھیں شعلہ کی مانند دہک رہی تھیں، آیا۔ اس شخص نے آیت الکرسی پڑھنی شروع کر دی۔ جن بھی آیت الکرسی پڑھنے لگا۔ جب وہ شخص ''وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ'' پر پہنچا تو وہ جن جل گیا مگر جن یہ آخری کلمات نہ پڑھ سکا تھا۔

صبح کو اٹھ کر دیکھا تو اس جگہ جلنے کے نشانات اور کچھ راکھ ملی۔ اچانک ایک آواز آئی تو نے بڑا بھاری جن جلا دیا۔ میں نے پوچھا کس چیز سے جلا؟ اس نے آیت الکرسی کے آخری کلمات پڑھ کر بتائے کہ ان کلمات سے۔

نقش آیت الکرسی

آیت الکرسی سحر اور آسیب سے تحفظ کا مجرب عمل ہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مکمل حفاظت رہتی ہے۔

نقش آیت الکرسی یہ ہے:

۷۸۶

۴۵۵۸	۴۵۵۳	۴۵۶۰
۴۵۵۹	۴۵۵۷	۴۵۵۵
۴۵۵۴	۴۵۶۱	۴۵۵۶

حفاظت سحر و آسیب، شفائے امراض، غلبہ بر دشمن، مقدمہ اور ترقی کاروبار کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ ہمارے معمولات اور مجربات میں سے ہے۔

لوحِ استحکامِ محبت

ہدیہ 1200

آج کے اس دور میں لڑائی جھگڑا بہت عام سی بات بن چکی ہے۔صرف بہانہ چاہیے۔بہانہ ملتے ہی محبت ختم،سالہا سال کی رفاقت ختم،خونی رشتہ ختم،رشتہ داری ختم محبتوں اور رشتوں کے اس خاتمے اورنفرتوں کے اس زہر نے کئی ہنستے بستے گھر اجاڑ دیے،خاندان تباہ کردیے،بچوں کی زندگی اور معصوم بچوں کا مستقبل تباہ وبرباد کردیا،خاندانوں میں نا ختم ہونے والی لڑائیاں شروع کروادیں۔اس میں کہیں مردوں کی اکڑ اور کہیں عورتوں کی ضد،کہیں میکے والوں کے نخرے اور کہیں سسرال والوں کی فرعونیت۔۔سب کو دخل ہے۔اس ساری صورت حال اور درد بھری داستانوں کو سن کر”لوح استحکام محبت“ پیش کی جارہی ہے۔اللہ کرے کہ اس لوح خاص کی برکت سے نفرتیں، لڑائیاں ختم اور محبتوں کو استحکام ملے۔آمین۔

یہ لوح کون کون بنوائے

ہر قسم کی عداوت،دشمنی لڑائی جھگڑے اور فتنہ فساد ختم کروانے کے لئے بنوائیں۔

نفرتوں کے ماحول کو مکمل ختم کرنے اور محبتیں پیدا کرنے کے لئے بنوائیں۔

سسرال اور میکے والوں کی لڑائی اور نفرت ختم کروانے کے لئے بنوائیں۔

ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محبت،تعلق،اعتماد اور رشتے قائم رکھنے کے لئے بنوائیں۔

خاوند کے دل سے نفرت ختم اور محبت بڑھانے کے لئے بنوائیں۔

خاوند کے والدین،بہن،بھائی اچھا نہیں سمجھتے تو بنوائیں۔

بیوی بلاوجہ طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے تو خاوند بنوائیں۔

جہاں جہاں بھی رشتے ٹوٹے،تعلقات کے خاتمے،نفرتوں کا آغاز یا نفرتوں کی شدت،لڑائی جھگڑا یا محبت کے خاتمے کی بات چل رہی ہے تو لوح استحکام محبت آج ہی منگوائیں۔

+92331-7772771, +9242-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

چھپے چھپائے قرآنی تعویذات

آج کے دور میں وقت کی شدید کمی کے باعث ہاتھ سے تعویذات لکھنا بہت مشکل ہوگیا ہے۔روحانی معالجین کو اس سلسلے میں کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اس لیے روحانی دکان کی طرف سے کافی عرصے سے چھپے چھپائے قرآنی تعویذات روحانی معالجین کو فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے، جس سے روحانی معالجین کو علاج کرنے میں بہت آسانی ہوگئی ہے۔

جدول میں ایک کاپی کی قیمت درج ہے جس میں **100** تعویذ ہوتے ہیں۔درج ذیل قرآنی سورتوں کے تعویذات دستیاب ہیں:

- سورۂ بقرہ...... **250** روپے
- سورۂ طٰہٰ،یوسف،احزاب...... **80** روپے
- سورۂ یٰس،جن،مزمل...... **60** روپے
- معوذتین،چاروں قل...... **30** روپے

درج ذیل قرآنی آیات کے تعویذات دستیاب ہیں (30 روپے)

- آیت الکرسی،آیت قطب،بسم اللہ الرحمن الرحیم،سلام قولا من رب رحیم

درج ذیل خاص قرآنی تعویذات دستیاب ہیں:

- لاعلاج امراض،لوگوں کے قلوب مسخر کرنے،کھیتی میں برکت،ہر حاجت کا خاص عمل ”اللہ اکسیر عمل قرآنی“...... **80** روپے
- منزل، آیت الکرسی،چاروں قل،سورۂ بقرہ آخری ۲ آیات...... **60** روپے
- حفاظت اولاد...... **30** روپے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
+92309-7772771, +9242-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
+92331-7772771 ruhani.shop ruhani-shop

مریض کے جسم میں آسیب و جنات کو حاضر کرنے کے مجرب اعمال

فقیر حکیم حافظ جمیل احمد جمیل عامل سکندرپوری رحمۃ اللہ علیہ

دھونی دے کر حاضر کرنا

اَبْرَعْتُ بِعِزَّتِ اللہ وَقُدْرَتِہٖ اِسْتَفْتَح فَھُوْشٍ قَرْہُ قَرْہُ شَتْ ھَدَمًّاھَدَمًّا بَرِیًّا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا یَا اَصْحٰبَ الْجِنِّ وَالشَّیٰطِیْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ۔

اس عزیمت کو تیرہ مرتبہ ہلدی، لہسن اور بکرے کے بالوں پر دم کرکے دھونی دیں۔ ان شاءاللہ جو بھی آسیب جنات وغیرہ جسم میں ہوگا یا ستانے والا ہوگا۔ فوراً حاضر ہوکر گفتگو کرے گا۔ پھر عامل چاہے قید کرے یا خاکستر کرے۔

سنگھا کر حاضر کرنا

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتْحُوْنَکَ فَتْحُوْنَکَ حَبِیْبِکَ حَبِیْبِکَ اَلَمْ اَلَمْ صَفْگًا صَفْگًا اَلِسًا اَلِسًا بَلِسًا یَلِسًا طَلَیَسًا طَلَیَسًا سُوْدًا سُوْدًا کَہْلًا کَہْلًا حَلْہَلًا حَلْہَلًا مَہْلًا مَہْلًا شَیْخِیًا شَیْخِیًا شَدِیًّا شَدِیًّا نَبِیًّا نَبِیًّا بِحَقِّ خَاتِمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَام اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاَیْمَنِ وَالْاَیْسَرِ وَبِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ وَبِحَقِّ عَرْشِ اللہِ وَ کُرْسِیِّہٖ۔

اس عزیمت سلیمانی کو تیرہ مرتبہ گلاب کے تین یا پانچ یا سات پھولوں پر پڑھ کر دم کرکے آسیب زدہ کو سنگھائے۔ ان شاءاللہ فوراً حاضر ہوگا اور گویا ہوکر ہم کلام ہوگا۔

حاضری کا کاجل تیار کرنا

شہد کی مکھیاں اکیس (۲۱) عدد لاکر ہر ایک پر گیارہ مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرکے اور پاک وصاف روئی لے کر اوران مکھیوں کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے اور چراغ نو میں رکھ کر جلائے اور چراغ کے اوپر ایک کورا سکورا لٹکا کر کاجل اتارے۔ پس وہ کاجل جس آسیب زدہ کی آنکھوں میں ڈالے، اسی وقت آسیب حاضر ہوگا ان شاءاللہ۔

سنگھا کر اور پلا کر حاضر کرنا

اگر کسی کو آسیب جنات وغیرہ ستاتا ہو اور اس کو حاضر کرنا ہو تو اس نقش کو لکھ کر فلیتہ بنائے اور سنگھائے یا پانی میں دھو کر پلائیں، فوراً حاضر ہوگا ان شاءاللہ اور ہم کلام ہوگا، آزمودہ ہے۔

یحییٰ یحییٰ یحییٰ ۷۸۶

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

بطفیلم السلام

سنگھا کر حاضر کرنا

قل اعوذ برب الفلق پوری پڑھ کر دو گلاب کے پھولوں پر دم کرے۔ ہر ایک پھول پر تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے۔ فوراً حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا، ان شاءاللہ۔

سنگھا کر حاضر کرنا

گلاب کے یا چمبیلی کے پھول لاوے اور سات مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے، فی الفور حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا

ان شاء اللہ، عزیمت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یامَیمُون زنگی ومَیمُون حَبْشِیْ ومَیمُون وابن میمون صاحب الْاَعْوان الهندی بحق درہ ھو کی تیشکری یکیکو یاد کرے بھمن بھمن تیشکری کل میلرہ کان بکوک کورش ایک لساھی مھیائیل مھابیلا منابیلا درہ سُلَیمَانِی بلقیس مَن یَّفشَا مِن مَّرقَدِنَا۔ ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرسَلُوْنَ۔

جو کے دانوں کے ذریعے حاضر کرنا

اگر کسی پر روحانی علوی یا سفلی سحر کرایا ہو تو اکتالیس جو لے کر ایک مرتبہ عزیمت پڑھ کر عامل اپنے بائیں ہاتھ رکھے اور داہنے ہاتھ سے مریض کے سر کے بال پکڑ لے۔ دو، چار جو کے دانوں پر سات یا نو یا پندرہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر مارے، فوراً حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا، ان شاء اللہ اور عزیمت کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ ان شاء اللہ، آرام ہوگا۔ پندرہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پینے کو دینا چاہیے اور سرسوں کے تیل پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر لگانے کیلئے دینا چاہیے۔ یعنی دونوں بھنوؤں پر کان کی پاپڑیوں پر، ناک کے نتھنوں میں، بیسوں ناخونوں پر اور دل پر صبح وشام لگانا چاہیے۔

عزیمت یہ ہے:

قُلْ قُلْ قُلْ کَافِرُوْنَ ھُوَاللّٰہُ ھُوَاللّٰہُ ھُوَاللّٰہُ فَلَق فَلَق فَلَق بِرَبِّ النَّاسِ بِرَبِّ النَّاسِ بِرَبِّ النَّاسِ۔ اُحْضُرُوا مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيَاطِيْنِ، اَخَذْ اَخَذْ اَخَذْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ شَرِيفَةِ وَبِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

سنگھا کر حاضر کرنا

اس عزیمت کو گلاب یا چنبیلی کے پھول پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو سنگھائے۔ فی الفور آسیب حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا، ان شاء اللہ۔ مجرب آزمودہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَاذِی الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔ وَالْمُلْكِ الْقَدِيْمِ ۔ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ۔ اَرْسَلَ الرِّيَاحَ وَيَاخَالِقَ الْاِصْبَاحَ وَبَاعِثَ الْاَرْوَاحَ وَيَاوَجُوْدُ الصَّبَاحَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَا اَحَدُ يَاصَمَدُ يَافَرْدُ يَاوِتْرُ اگر ترسائی بحق توریت موسیٰ واگر مغی بحق زبور داود واگر گیریائی بحق انجیل عیسیٰ واگر مسلمانی بحق فرمان محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وبحق جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل وبحق عزت وجلال خدا حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

اگر حاضر نہ ہو تو ان اسماء کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ يَاجَبَّارُ بِجَبَرُوْتِ بِالْجَبَرُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ فِي جَبَرُوْتِ يَاجَبَرُوْتُ يَاجَبَّارُ فوراً حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا، ان شاء اللہ۔

دھونی دے کر حاضر کرنا

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِاِسْمِ جَلِيْلٍ بِحَقِّ مَيْمُوْن زنگی بحق مَيْمُوْن حَبْشِيْ وبحق مَيْمُوْن تُوْنِي ومَيْمُوْن طونی وبِحَقِّ مَيْمُوْن قَرْنِي وَابن مَيْمُوْن صَاحب الْاَعْوَانِ الْهِنْدِيِّ اُخْرِجَ مِنَ الْجِنِّ وَالْجُنَيْنِ اُخْرِجَ مِنَ الْمَاءِ وَالْعَصْرِ وَاُخْرِجَ مِنَ الْخَبِيْثِ وَالْخَنَّاسِ اُخْرِجَ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ اُخْرِجَ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَاُخْرِجُ مِنَ الْبَادِيْ وَالْوَادِيْ اُخْرِجُ مِنَ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ وَاُخْرِجُ مِنَ الشَّعْرِ وَالْاَشْعَارِ اُخْرِجُ مِنَ الْقُبُوْرِ وَالْقُيُوْدِ اُخْرِجْ مِنَ الْاَكِنِّ وَالْاَكْنَانِ وَاُخْرِجْ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ بِحَقِّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامِ بِحَقِّ اصف بن برخیا بِحَقِّ فَتَيْعَطُوس شَيْخ الْجِنِّ يَاحَرْقُل يَاحَرْقُلَانِ يَاقَوْقَل يَاقَوْقَلَانِ يَاعَجُوْزُ اُمُّ الصِّبْيَانِ خُذْ هٰذَا بِالشَّرِّ الْاَخْذِ بِحَقِّ تَوْرِيَت مُوْسٰى وَاِنْجِيْلَ عِيْسٰى وَبِحَقِّ زَبُوْر دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامِ وَبِحَقِّ فُرْقَان مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ جَمِيْعِ الْكُتُبِ الَّذِي اَنْزَلْتَ عَلٰى اَنْبِيَاءِ الْمُرْسَلِيْنَ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ ۔ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ (یٰسٓ 18)

عاملین کے مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

روحانی تشخیص اور روحانی نظر میں کمی

سوال میری پہلے روحانی تشخیص بہت اچھی تھی اور میری روحانی نظر بھی کافی کھلی ہوئی تھی۔ اب کافی عرصہ سے میں دونوں میں بہت کمی محسوس کر رہا ہوں۔ اب توجہ زیادہ کرنی پڑتی ہے مگر پھر بھی وہ کیفیت پیدا نہیں ہوتی، جو پہلے ہوا کرتی تھی۔ پہلے جب میں کسی مریض کے معاملے میں غور کرتا تھا تو مجھے بہت جلد حالات پتہ لگ جاتے تھے اور نظر بھی آتا تھا۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے میں کیا کروں؟ نیز کیا یہ کشف تھا یا جنات مجھے بتاتے تھے؟

(ش، لاہور)

جواب کچھ کشف کا معاملہ تھا اور کچھ جنات کے بتانے کا۔ آپ کی جو کمی ہے، اس کو پورا کرنے کے لیے "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل" کو چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ روزانہ وظیفہ کی طرز پر پڑھیں۔ کچھ دنوں بعد آپ خود بہتری محسوس کریں گے۔ جب مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے تو پھر پڑھنا چھوڑ دیں۔

بیٹے پر شیطان اور ہمزاد کا اثر ہے

سوال استاذ محترم! میں نے بیٹے کو چیک کیا ہے۔ اس پر ہمزاد اور شیطانی اثرات ہیں۔ آپ نے بھی یہی فرمایا تھا کہ اس پر شیطانی اثرات ہیں۔ اب مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں؟ (م، لاہور)

جواب درج ذیل دو عمل کریں:

۱ ...... ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر پانی اور چینی پر دم کریں اور بیٹے کو کھلائیں۔

۲ ...... رات کو جب وہ سو جائے تو یہ آیت اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر اس پر دم کر دیا کریں۔

قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المؤمنون: ۹۷-۹۸)

مسلسل اکیس (۲۱) یوم عمل کر کے اطلاع کریں۔ ان شاء اللہ، بہت بہتری آ جائے گی۔

باہر نکلنے والی عورتوں کی دو قسمیں

جب عورتیں مرد کی تمام خواہشات شادی سے پہلے ہی پوری کر لیں گی تو مرد کو نکاح کی کیا ضرورت ہے پھر؟ اور جب مرد عورتوں کے پاک دامن کو داغدار کریں گے تو ان کے حصے میں پاک دامن عورتیں کیسے آئیں گی؟

گھر سے باہر نکلتے ہی آپ کا دو قسم کی عورتوں سے سامنا ہوتا ہے۔ پہلی قسم ان عورتوں کی ہے جو عزیز مصر کی بیوی (زلیخا) والی بیماری کا شکار ہیں۔ خوب بن سنور کر پرفیوم لگائے، بے پردہ...... بزبانِ حال سے کہہ رہی ہوتی ہیں "هيت لك" (قریب آؤ، جلدی آؤ)۔ دوسری قسم: وہ عورت جو ستر و حجاب کی پابند، مگر مجبوری نے اسے گھر سے نکالا اور وہ اپنی زبان حال سے کہہ رہی ہوتی ہے "حتى يصدر الرعاء وأبونا شيخ كبير" (جب تک چرواہے واپس نہ لوٹ جائیں اور ہمارے والد بہت بوڑھے ہیں)۔

پہلی قسم کی عورتوں سے آپ وہی معاملہ کریں جو سیدنا یوسف علیہ السلام نے کیا تھا، یعنی کہیں "معاذ الله" (اللہ کی پناہ)۔ اور دوسری قسم کی عورتوں سے آپ وہی معاملہ کریں جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے کیا تھا، یعنی ادب و احترام سے ان کی مدد کریں اور اپنے کام میں مشغول ہو جائیں اور اللہ کا فرمان: "فسقى لهما ثم تولى الى الظل" یاد کریں کیونکہ یوسف علیہ السلام اپنی عفت و پاکدامنی کی بناء پر عزیز مصر بن گئے تھے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حسن تعامل کی بناء پر اللہ نے انہیں نیک بیوی اور پرامن رہائش عطاء کی تھی...... منقول

مرسلہ: حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن (قطر)

دینی و دنیاوی مشکلات کے حل کیلئے ایک پرتاثیر جفری عمل

حافظ زاہد محمود

اس عمل سے آپ دنیا کا ہر کام لے سکتے ہیں۔ شادی' ملازمت' کاروبار میں ترقی' اولاد کا حصول' محبت' زبان بندی' جدائی' ذاتی مکان' گمشدہ' قرض سے نجات' ظاہری تسخیر مؤکل جن ہمزاد' کوئی بھی حاجت/ مقصد وغیرہ وغیرہ۔

ہر انسان کا نام ہوتا ہے اور کوئی بھی چیز جس کا نام ہو، اس کے ساتھ مؤکل، جن اور اعوان ضرور ہوتے ہیں۔ جیسے کہ مؤکل کیلئے ''آ ئیل''، جنات کیلئے ''طیش'' اور اعوان کیلئے ''یوش'' لگتا ہے۔ میرا تجربہ، تحقیق اور ہزاروں کتب عربی و فارسی اور مخطوطات کے مطالعہ کے بعد اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ جنات کی تسخیر کے عمل میں ''یابدوح'' کا ہونا شرط ہے۔ اور ہمزاد یا سفلی جن کیلئے ''یالطیف'' کا ہونا شرط ہے۔ باقی اعوان کسی بھی دوسرے اسماء سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

جو میں عمل دینے جا رہا ہوں، یہ باطنی تسخیر اور دنیاوی مقاصد کے حصول کا عمل ہے۔ اس میں مؤکل، اعوان اور جن...... تینوں تسخیر ہوتے ہیں مگر ظاہر چار چلوں کے بعد ہوں گے۔ باقی کام پہلے چلّے کے بعد ہی کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بس آپ کو کام لینے کی عزیمت اور قسم بنانا آتی ہو۔

میرا ذاتی مشورہ یہ ہے کہ ان کی ظاہری تسخیر کا عمل نہ کیا جائے۔ بلکہ ان سے دینی و دنیاوی کام لینے چاہئیں۔ کوئی بھی مقصد ہو، نیت کر کے نہایت توجہ سے چالیس (40) دن اس عمل کو کیا جائے تو کبھی بھی ناکامی نہیں ہوگی۔ میرا وعدہ ہے آپ سے، ان شاء اللہ۔

طریقہ: اپنا نام مع والدہ لیں اور اس کے اعداد ابجد قمری سے نکال لیں۔ یاد رہے بن یا بنت کے اعداد شامل نہیں کیے جاتے۔ اور نہ ہی باپ کا نام یا شوہر کے نام کا حصہ شامل کیا جاتا ہے۔

مثال: صائمہ اسلم...... اس میں اسلم ان کے شوہر کا نام ہے۔ اس لیے نام میں صرف صائمہ لیں گے۔

امجد اشرف...... اس میں امجد نام لیں گے۔ اشرف والد کا نام ہے، وہ نہیں لیں گے۔ یہ احتیاط کرنی ہے آپ نے۔

اب آتے ہیں عمل کی طرف۔ اپنے نام مع والدہ کے اعداد قمری میں سے 41 عدد منفی کر کے مؤکل بنالیں۔ 319 اعداد منفی کر کے جن بنالیں۔ 316 اعداد منفی کر کے اعوان بنالیں۔

مثال: نام مع والدہ کے عدد ہیں...... 524

اب 524 میں سے 41 منفی کیے تو بچے 483۔ اس کا مؤکل بنے گا'' تفجئیل ''۔

اب پھر سے جن کیلئے 524 میں سے 319 منفی کریں تو بچے 205۔ اس کا جن بنے گا'' رھطیش ''۔

اب اعوان کیلئے 524 میں سے 316 منفی کریں تو باقی بچے 208۔ اس کا اعوان بنے گا'' رحیوش ''۔

اب 524 کے اعداد کے برابر اسماء الٰہی ڈھونڈیں تو مجھے یہ اسماء ملے'' یا بدوح یالطیف یافاطر یاداعی ''۔

اب عزیمت بنے گی:

اجب یاتفجئیل یارھطیش یارحیوش بحق یابدوح یالطیف یافاطر یاداعی العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا۔

یہ عزیمت 524 بار نئے چاند سے 40 دن تک پڑھی جائے گی تو مؤکل، جن اور ہمزاد باطنی طور پر مسخر ہو جائیں گے اور ہر عمل میں، کام میں مدد کریں گے۔

نوٹ: خواتین مخصوص ایام میں اور ظاہری تسخیر کی نیت سے عمل نہیں کر سکتیں۔ جو لوگ پیدائشی نقص لے کے پیدا ہوئے ہیں، وہ بھی نہیں کر سکتے۔ ایسے اعمال ناجائز اور بغیر اجازت کے نہ کیے جائیں ورنہ رجعت اور پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

آپ کے مسائل اور اُن کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

پوری فیملی پر پرانا جادو

سوال السلام علیکم۔ آپ کی ہدایت کے مطابق جو بھی تعویذات اور علاج آپ نے بتایا تھا، اس پر عمل کر رہے ہیں۔ الحمد للہ! میرے شوہر کی طبیعت میں تیزی سے بہتری آئی ہے اور وہ خود کو کافی بہتر محسوس کرنے لگ گئے تھے لیکن کل رات جب وہ سوئے تو پندرہ بیس منٹ بعد ان کو محسوس ہوا کہ زلزلہ آیا ہے اور وہ جاگ گئے۔ وہ کہتے ہیں کہ میری چارپائی اور اس کے اوپر پنکھا یقینی طور پر لرز رہا تھا مگر خبروں میں کوئی زلزلہ کا پتہ نہیں چلا۔ خیر وہ دوبارہ سو گئے۔ صبح اٹھے تو جادو کے اثر سے جیسی طبیعت خراب ہوتی تھی، ویسی خراب ہوگئی۔

آج دوبار بابا شاہ جمال رحمۃ اللہ علیہ کے دربار پر حاضری دی۔ طبیعت بہتر ہوئی مگر مکمل ٹھیک نہیں ہوئی۔ کیا یہ بھی جادو کا حملہ تھا؟ اس معاملے میں مدد فرمائیے گا۔

میرے شوہر کو ''یَا خَبِیْرُ'' کے عمل کے دوران ایک رشتہ دار خاتون نظر آئیں ہیں۔ پہلے ان کی بہن نظر آئیں تھیں۔ ایک دن ایک عیسائی عامل نظر آیا، جس کے بارے میں اس رشتہ دار خاتون نے بتا رکھا ہے کہ جادو ٹونے کے علاج کے لیے اُس سے مدد کی درخواست کی تھی۔ اس معاملے پر آپ کی توجہ کی درخواست ہے۔

میرے شوہر کا پورا خاندان ہی جادو کے بد اثرات اور لپیٹ میں ہے۔ اُس رشتہ دار خاتون کو پورے خاندان میں سب سے زیادہ اثر و رسوخ حاصل ہے۔ اس لیے سب کے گھروں کی ایک ایک بات اُن کے گوشِ گزار کی جاتی ہے۔

اب جہاں سب گھر والے محتاط ہو گئے ہیں، وہاں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وہ خاتون اور ان کی ماں کا کچھ عرصہ سے ایک عامل سے کافی ملنا جلنا ہے۔ یہ وہی شخص ہے کہ جس کی بیوی نے کچھ عرصہ قبل دھمکی دی تھی کہ وہ میرے شوہر کو مزہ چکھائیں گے۔ مجھے بالکل وہی جملے معلوم نہیں ہیں۔ جب اُس خاتون سے ایسے بندے کے آنے کا مقصد پوچھا گیا تو اُس خاتون نے کوئی جواب نہیں دیا۔ کیا یہ لوگ کوئی گروہ بندی کر رہے ہیں؟

تمام صورتحال میں تازہ ترین کیفیات اور حالات جو بھی پیش آئے ہیں، میں نے آپ کو آگاہ کیا ہے۔ آپ سے اور بزرگوں سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے معاملے میں خصوصی توجہ فرمائیں۔ میری تعلیم کے مسئلے کے لیے بھی دعا فرمائیں۔ جزاک اللہ خیر۔ (پوشیدہ)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ فی الحال جو بھی علاج دیا ہے، وہ جاری رکھیں۔ آپ کا کیس کافی پیچیدہ ہے۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ آپ کی فیملی پر جو جادو ہے، وہ بھی کافی پرانا اور وہ بہت سے لوگوں پر ہے۔ ایک ہی فیملی متاثر نہیں، آپ کے شوہر کے بھائی بہنیں، سب ہی متاثر ہیں۔ اسی طرح ایک ہی عامل ملوث نہیں، کئی طرح کے عملیات ہوئے ہیں اور کئی عامل ملوث ہیں۔ اگر آپ واقعی ہمیشہ کے لیے اس سے نجات چاہتی ہیں تو ایک لمبی جنگ کے لیے تیار ہوجائیں اور جنگ صرف آپ کی فیملی اکیلی نہیں لڑے گی بلکہ آپ کے سسرال والوں کو بھی بھرپور ساتھ دینا پڑے گا۔

میں آپ کو مکمل لائحہ عمل بنا کر دے دیتا ہوں۔ پھر آپ سب سے بات کرلیں اور اگر سب راضی ہوں تو پھر عمل شروع کریں اور مجھ سے دوبارہ بات کرلیں۔ اگر سسرالی رشتہ دار محنت نہ کریں تو پھر بہت مشکل ہے، اس جادو سے نجات حاصل ہو۔ اگر سب محنت کریں گے تو سب کے اوپر سے جادو ایک ہی وقت میں اترنا شروع ہوگا اور پھر کرنے اور کروانے والوں کو پریشانی شروع ہو جائے گی۔ اگر ایک ایک کرکے علیحدہ علیحدہ وقتوں میں علاج کروائیں گے تو پھر کرنے اور کروانے والوں کو کوئی پریشانی نہیں ہوگی اور نجات ملنا بھی مشکل ہوگی۔ کیونکہ جو جادو ہوا ہے، وہ آپس میں بہت

روحانی علاج شروع کرنے سے پہلے درج ذیل کام کریں:

۱)......سب سے پہلے ایک بار تفصیلی تشخیص سب متاثرین اور ان کے رہائشی گھر والوں اور جگہ کی۔ جادو، جنات اور نظر بد...... تینوں کی تشخیص کی جائے۔

۲)......سب لوگ دل سے توبہ کریں، صلوٰۃ التوبہ پڑھ کر پچھلے گناہوں کی معافی مانگیں۔

۳)......حسبِ توفیق سب صدقہ کریں۔

۴)......صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر سب روحانی علاج میں کامیابی اور جادو، جنات، جادوگروں اور دشمنوں سے ہمیشہ کے لیے نجات کی دعا کریں۔

۵)......اللہ جل جلالہ کی نافرمانی کے کام کم از کم کریں اور فرائض و واجبات وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کریں۔

۶)......جن افراد پر شک ہے کہ جادو کرنے یا کرانے میں ملوث ہیں۔ اُن پر شک ہی رکھیں، یقین کا درجہ نہ دیں کیونکہ کوئی شرعی شہادت نہیں۔ البتہ احتیاط کا درجہ یہ اختیار کریں کہ ان کے گھر آنا جانا وقتی طور پر بند کر دیں۔ ان کی طرف سے کسی بھی قسم کے کھانے پینے کی اشیاء، تحفے تحائف ہرگز وصول نہ کریں۔ اگر لینا مجبوری ہو تو صدقہ کر دیں یا پھر اپنی رہائشی جگہ سے دور رکھیں۔ پھر کسی عامل کو دکھا کر تسلی کر کے استعمال کریں۔

روحانی علاج کا لائحہ عمل یہ ہوگا:

۱)......سب کو کہیں کہ اپنے اپنے طور پر سب لوگ علاج شروع کریں۔ ایسا نہ ہو کہ ایک علاج کرے، دوسرا نہ کرے۔ جو جس بھی شہر میں ہے، وہ قریبی عامل سے علاج شروع کروائے۔ اثرات ختم ہونے پر سب حفاظت کا بندوبست کریں۔

۲)......سب مل کر سوا لاکھ مرتبہ آیت کریمہ کا ختم کریں۔ نیت جادو جنات سے ہمیشہ کے لیے نجات کی رکھیں۔ ہر کوئی مخصوص تعداد اپنے ذمہ لے لے اور پڑھ کر اطلاع کر دیں۔ ایک فرد حساب رکھ لے۔ سوا لاکھ سے نہ کم ہو، نہ زیادہ۔

۳)......ہر فیملی دشمن کو مغلوب کرنے اور نجات کا عمل ضرور کرے۔

۴)......ہر فیملی کے تمام افراد جادو، جنات اور دشمنوں سے حفاظت کا عمل ضرور کریں۔

۵)......افراد کے ساتھ ساتھ رہائشی جگہ کو بہت توجہ دیں اور ہر طرح کے بد اثرات سے نجات کے لیے لازمی رہائشی جگہ کا روحانی علاج کریں اور اثرات ختم ہونے پر حفاظت کا بندوبست کریں۔

۶)......روزانہ استغفار اور درود شریف کا معمول لازمی رکھیں۔

یہ تو سب کے لیے لائحہ عمل ہے۔ اب آپ کی فیملی کے لیے میں درج ذیل علاج تجویز کرتا ہوں:

۱)...... جادو جنات کا علاج آپ کو جو دیا ہوا ہے، وہ پابندی سے کریں۔ تعویذات و فلیتوں کا استعمال اور وظائف پڑھنے میں کوئی غفلت نہ کریں۔

۲)......سوا لاکھ آیت کریمہ میں جو تعداد آپ کی فیملی نے اپنے ذمہ لی ہے، وہ پڑھیں۔

۳)......دشمن کو مغلوب کرنے کے تعویذات آپ کو دیے ہوئے ہیں۔ دشمن سے نجات حاصل کرنے کے لیے بہتر (۲۷) بار سورۂ فیل پڑھی جائے۔ روزانہ بعد از نمازِ عصر تقریباً 21 دن تک یہ سورۃ پڑھے۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے دشمن سے چھٹکارا ہوگا۔

۴)......ہر نماز کے بعد آیت الکرسی اور صبح و شام حفاظت کی مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں۔

۵)......جگہ سے جادو جنات کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے علاج دیا ہوا ہے، اس کی پابندی کریں۔

۶)...... ہر نماز کے بعد گیارہ بار استغفار اور گیارہ بار کوئی درود شریف معمول میں رکھیں۔

☆.........☆.........☆.........☆

عملیات میں ناکامی کی وجوہات

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

مصباح الارواح سے ایک اہم مضمون

کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ ہمیں عملیات میں ناکامی کیوں ہوتی ہے؟ ہرچند کہ کلامِ الٰہی پر ہمارا ایمان ہے اور ہم خود کو مسلمان بھی سمجھتے ہیں لیکن وقتِ ضرورت گوہرِ مراد سے اپنا دامن پُر کریں، بہت کم لوگ ہوتے ہیں۔

محض کتب کے مطالعہ اور عطائیوں کی ناقص باتوں پر بھروسہ کرنا عملیات میں ناکام ہوکر بدعقیدہ ہونا، کلامِ ربانی سے بدگمان بنا دیتا ہے۔ یہ بدنصیب وہ مخلوق ہے جو روحانی تعلیم سے واقف نہیں ہے اور نہ علم و اہلِ علم سے کوئی نسبت ہے۔ دنیا کا ہر کام کسی نہ کسی سے شاگرد بن کر سیکھا جاتا ہے۔ پھر روحانی علوم کے بارے میں کسی سے رہنمائی حاصل نہ کی جائے اور آپ روحانی علوم میں ایک بلند مقام حاصل کرلیں۔ یہ کبھی بھی ممکن نہیں ہو سکتا۔ پس روحانی علوم وفنون کو باقاعدہ مشائخ اور اس فنِ شریف کے عاملین سے باقاعدہ سیکھا جائے اور روحانی راہبر سے اجازت عملیات حاصل کی جائے۔ تمام علماء اور حکماء جو اس فنِ شریف کے گزرے ہیں وہ اس بات پر متفق ہیں۔ جو شخص اجازت حاصل نہیں کرتا اور حاصل کرتا ہے اس علمِ شریف ولطیف کو پس علم وعمل اُس کا اُس لڑکے کی مثل ہے جو نسبت کیا جاتا ہے بغیر باپ کے۔

1- امراضِ جسمانی کا تعلق علمِ طب سے واقع ہوا ہے۔ ڈاکٹر، حکیم، وید ہر سہ طبقات اپنی مہارت وصلاحیت فنی انجام دیا کرتے ہیں۔ جس کی تصریح و تائید سے عام مخلوق واقف ہے مگر روحانی امراض سے مذکورہ ماہرینِ فن محروم ہیں، یہی وجہ ہے کہ روحانیت کا بگڑا ہوا مریض کسی دوا سے صحت یاب نہیں ہوا کرتا۔

2- اصحاب کاملین وعاملین اور ماہرینِ فنون علی مراتب روحانی معالج واقع ہوئے ہیں۔ زمانہ قدیم سے روحانی علوم کی تعلیمات ہر قوم ومذہب میں پائی جاتی ہیں۔ ہم صرف اسلامی تعلیمات سے بحث کرتے ہیں کہ روحانیت عوام کی نظروں سے جس طرح پوشیدہ ہے اسی طرح عوام میں یہ صلاحیت نہیں کہ اپنے بناؤ بگاڑ کو صحیح طور پر تمیز کرسکیں اور تدارک پر قابو حاصل ہوجائے۔ یہ کام صرف مخفی علوم کے ماہرین سے تعلق رکھتا ہے۔ روحانی تعلیمات اگرچہ کتابوں میں موجود ہیں لیکن طریقہ استعمال اور حصولِ نتائج ذمہ دار اساتذہ کے بغیر چارہ نہیں۔ اس میں رازِ باطن حصولِ نسبت واجازت بمنزلہ رُوح واقع ہوئی ہے۔

3- اجازت کا مفہوم یہ ہے کہ روحانی راہبر سے وہ تمام رموز سمجھ لیے جائیں، عمل کی عبارت کی درستگی اور اُس کا مکمل طریقہ کار اساتذہ سے سمجھنا ضروری ہے۔

4- خالص اسلامی زندگی جس کو متقی کہتے ہیں، باطنی پاکیزگی، شرک وحسد، بغض، غیبت، لقمہ حرام، بدگمانی، بہتان، غصہ، شکوک، غرور، حرص بیجا اور ناشکری وغیرہ مذکورہ پوشیدہ عیبوں سے قلب ودماغ پاک ہو۔ اگر دربارِ کبریائی میں کوئی پاکیزہ حال سوال عرض کرے تو دُعا سے پہلے اجابت سبقت کرتی ہے اور تاخیر کا گمان نہیں۔

5- عملیات میں بعض عمل کرنے والوں کو ایسے مواقع پیش آجاتے ہیں کہ باوجود ریاضت و پابندی نتیجہ میں تاخیر ہوتی ہے۔ خصوصاً کشائشِ رزق و اجراء کاروبار وفتوحات وغیرہ۔ اس کے چند اسباب یہ بھی ہوسکتے ہیں۔

(i) کسی ایک مخصوص عمل کے دوران مخصوص ایام میں قبل از تکمیل دوسرا عمل بھی شروع کرلیا جائے تو دونوں اعمال کا ٹکراؤ مدعا سے روکتا ہے۔

(ii) اگر کسی صاحب اثر نے اپنی زبان سے انکار کردیا ہو یا کسی بزرگ کے دربار سے مردود کردیا گیا ہو۔ خواہ دُعائے بد جس کو پھٹکار کہتے ہیں، واقع ہو چکی ہو۔ والدین کو ستایا گیا ہو۔ یا باپ نے عاق کردیا ہو۔ کوئی عمل بگڑ چکا ہو جس کی وجہ سے بدحالی سے کشائش حاصل کرنے کا کوئی جدید عمل اختیار کیا گیا ہو۔ یا کسی ایسی جگہ ذکر وشغل کیا جائے کہ حدود غیر اللہ واقع ہو۔ مثل مندر یا شمشان بھومی یا مویشی باندھنے کی جگہ۔ یا ایسی جگہ جہاں نماز بھی

جائز نہ ہو۔ یا کوئی منت مان لی ہو وہ پوری نہ کی گئی ہو وغیرہ تا وقتیکہ تلافی آفات نہ کی جائے، کوئی عمل اپنا اثر ظاہر نہیں کیا کرتا۔

(iii) اکثر دیکھا گیا ہے کہ بزرگوں، عالموں، عاملوں کی اولاد پستی، ذلت، بے کسی، دیوانگی، غلط روی میں مبتلا نظر آتی ہے۔ اس کا سبب وہ موکلین اور باقیات ظہور اثر ہیں جو بزرگ مرحوم کے ورد سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگر ایام حیات میں بروقت بزرگ مرحوم اپنا راز کسی بھروسہ کے قابل قائم مقام کو ظاہر کر چکے ہوتے تو پاداشِ عمل میں اولادیں گرفتار نہ ہوتیں۔ بعض اعمال طاقت واثر میں ہلچل پیدا کر دیا کرتے ہیں جو اجنہ وموکلین کی تسخیر سے متعلق ہوتے ہیں۔ یہ روحانیات بعد مردن بے سہارا ہو کر طوفان برپا کرتی ہیں۔

(iv) اس لیے تسخیر ارواح کے لیے اشد ضروری ہے کہ ان کو بلا سوچے سمجھے نہ کیا جائے بلکہ اپنی ہمت کے مطابق عمل کریں اور اساتذہ سے باقاعدہ اجازت عملیات حاصل کریں۔ تاکہ رجعت سے محفوظ رہیں اور ناکامی کا سامنا بھی نہ ہو۔ بے استاد ہمیشہ نامراد رہتا ہے۔

نئی کتاب

رموز النصر فی شرح حزب البحر

قیمت: 650 روپے

یہ کتاب مصنف کی طرف سے عظیم شاہکار ہے۔ اردو زبان میں اس سے قبل دعائے حزب البحر کی ایسی سلیس جامع شرح نظر سے نہیں گزری۔ رموز النصر فی شرح حزب البحر دور حاضر میں یقیناً امت مسلمہ کیلئے عظیم تحفہ ہے جو کہ دعائے حزب البحر کو ہر پہلو سے محیط ہے۔ چند منفرد عنوان درج ذیل ہیں۔

- سیدی شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مستند ترین تعارف
- حزب البحر کے خواص پر اکابرین امت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، شیخ ابوالعباس احمد البونی، شیخ ابراہیم سامانی، شیخ ابراہیم تجیتی، حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، خواجہ حسن نظامی اور علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے مستند اقوال
- حزب البحر کا نصاب ادا کرنے کے متعدد طریقے اور بالخصوص بغیر پڑھے حزب البحر کی دعوت کبیرا ادا کرنے کا نایاب ومجرب طریقہ
- حزب البحر سے تصرف کرنے والے اعمال
- حزب البحر کے منفرد نقوش، شرف کواکب کی الواح اور حزب البحر کا ۳۶۱ خانوں پر مشتمل نقش
- حزب البحر سے احضار مطلوب، بندش وکشائش، سلب اعمال وسلب جادوگر، عداوت مابین اعداء، حب زوجین، جادو کی کاٹ، جنات کی بندش اور طلسماتی انگوٹھی وغیرہ جیسے قیمتی ونایاب اعمال
- حزب البحر میں آنے والی ہر عبارت کی زکات کبیرا، اکبر، وسیط وصغیر اور نقوش وشرف کواکب کی الواح وغیرہ

+92334-7772774, +9242-35410586
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

اقوال

محمد بلال احمد
(چارسدہ)

۱ کیڑے: جھوٹ، غیبت اور ناشکری ایسے کیڑے ہیں جو رزق کی کشادگی اور گھر کی خوشحالی کو آہستہ آہستہ کھا جاتے ہیں۔

۲ سارے سوالوں کا جواب: جب بہت ساری پریشانیاں تمہیں گھیر لیں اور راستہ نظر نہ آئے تو غلط قدم اٹھانے سے پہلے صرف ایک بار سجدے میں گر کر اور رو کر سب کہہ دینا، سارے سوالوں کا جواب بہت جلد مل جائے گا۔

۳ پسند: ہم وہ سارے کام پہلے کر لینا چاہتے ہیں جو ہمارے نفس کو پسند ہیں اور وہ سارے کام زندگی کے آخری حصے کے لیے چھوڑ دیتے ہیں جو پیارے اللہ پاک کو پسند ہیں۔

۴ تنہا: جب لوگوں کے ساتھ اچھے خیالات اور اچھی کتابیں ہوتی ہیں تو وہ کبھی تنہا نہیں ہوتے۔

۵ فن اور رزق حلال: آپ ادیب ہیں یا ڈاکٹر، معمار ہیں یا طبیب، استاد ہیں یا شاگرد، جب تک آپ اپنے فن میں کھو نہیں جاتے۔ آپ کمال حاصل نہیں کر سکتے، اگر آپ نے اپنے فن میں کھو جانے کی بجائے اس کو فروخت کر کے صرف دولت کمانے کا ذریعہ بنایا ہے تو آپ میں اور ڈاکو میں کوئی خاص فرق نہیں۔

۶ تکالیف: دس میں سے نو حصے برائیاں اور تکالیف صرف سستی سے پیدا ہوتی ہیں۔

۷ شرط: بچوں کی طرح چاہے مجھے ڈانٹ لے کوئی لیکن یہ شرط ہے مرے غم بانٹ لے کوئی۔

۸ نخرے: بیٹیوں کے نخرے تو سب ماں باپ اٹھاتے ہیں۔ دنیا والے تو بس انگلیاں ہی اٹھاتے ہیں۔

توکل کا مطلب اور فضیلت

قیصر احمد بی اے (کراچی)

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

توکل ایک بڑا مرتبہ ہے دین کے مراتب میں سے اور مقربین کے درجات میں سے ایک اعلیٰ درجہ ہے، اس کا سمجھنا بھی مشکل ہے اور اس پر عمل کرنا بھی بہت دشوار ہے اور اس کے بارے میں آیات واحادیث جو وارد ہیں ان کا احصاء (شمار) بھی مشکل ہے۔ چند پر اکتفاء کرتے ہیں۔

توکل کے بارے میں چند آیات مبارکہ

ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (المائدہ 23)

ترجمہ ”اور اپنا بھروسہ صرف اللہ پر رکھو اگر تم واقعی صاحب ایمان ہو“

دوسری جگہ ارشاد ہے: وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ (ابراہیم 12)

ترجمہ ”اور جن لوگوں کو بھروسہ رکھنا ہو انہیں اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے“

ایک دوسری جگہ وارد ہے: وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ (الطلاق 3)

ترجمہ: ”اور جو کوئی اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ اس (کا کام بنانے) کیلئے کافی ہے“

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ (آل عمران 159)

ترجمہ: ”اللہ یقیناً توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے“

فائدہ: تو اللہ تعالیٰ جس کیلئے حسیب اور کافی ہو اور جس کا محب اور محافظ ہو جائے تو وہ شخص کامیاب ہو گیا، اس لئے کہ محبوب نہ تو عذاب دیتا ہے اور نہ محب کو دور کرتا ہے اور نہ اپنے دیدار سے محب کو محبوب (محروم) کرتا ہے۔

ایک جگہ ارشاد ہے: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ (الزمر 36)

ترجمہ: ”اے پیغمبر! کیا اللہ اپنے بندے کیلئے کافی نہیں ہے؟“

اور وارد ہے: وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (الانفال 49)

ترجمہ: ”حالانکہ جو کوئی اللہ پر بھروسہ کرے تو اللہ سب پر غالب ہے، بڑی حکمت والا ہے“

اور ارشاد ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ (الاعراف 194)

ترجمہ: ”یقین جانو کہ اللہ کو چھوڑ کر جن جن کو تم پکارتے ہو وہ سب تمہاری طرح (اللہ کے) بندے ہیں“

اور وارد ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ (العنکبوت 17)

”یقین جانو کہ اللہ کو چھوڑ کر جن جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمہیں رزق دینے کا کوئی اختیار نہیں رکھتے، اس لئے رزق اللہ کے پاس تلاش کرو اور اس کی عبادت کرو“

اور فرمایا ہے: وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ (المنافقون 7)

ترجمہ: ”حالانکہ آسمانوں اور زمین کے تمام خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافق لوگ سمجھتے نہیں ہیں“

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا ہے:

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ (یونس 13)

ترجمہ: ”وہ ہر چیز کا انتظام کرتا ہے، کوئی اس کی اجازت کے بغیر (اس کے سامنے) کسی کی سفارش کرنے والا نہیں“ (احیاء علوم الدین 35)

توکل کے بارے میں چند احادیث مبارکہ

(۱) عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لو انکم تتوکلون علی اللہ حق توکلہ لرزقکم کما یرزق الطیر تغدو خماصا وتروح بطانا (الحدیث)

''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ: ''اگر تم لوگ اللہ تعالیٰ پر ایسا توکل کرو جیسا توکل کرنا چاہیے، تو تم کو ایسی روزی دے جیسے پرندوں کو روزی دیتا ہے کہ صبح کو بھوکے پیٹ جاتے ہیں اور شام کو بھرے پیٹ واپس ہوتے ہیں۔''

(۲) وعن ابی ذر رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: انی لاعلم آیۃ لو اخذ الناس بھا لکفتھم من یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب

(الحدیث)

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں اگر لوگ اس پر عمل کر لیں تو ان کیلئے کافی ہو جائے اور وہ آیت یہ ہے: ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب۔''

''اور جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کیلئے راستہ پیدا فرما دیتا ہے اور ایسی جگہ سے روزی پہنچاتا ہے جہاں سے اس کو خیال بھی نہیں ہوتا۔''

حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے بعض راہبوں سے سوال کیا کہ کہاں سے کھاتے ہو؟

ایک نے کہا مجھے اس کا پتہ نہیں میرے رب سے پوچھو کہ مجھے کہاں سے کھلاتا ہے۔

توکل کے بارے میں چند واقعات

۱ توکل میں عزت ہے

ایک بزرگ کہتے ہیں میں مکہ مکرمہ میں تھا، ہمارے قریب ایک نوجوان رہا کرتا تھا۔ اس کے پاس پرانی چادریں تھیں، وہ نہ ہمارے پاس آتا جاتا تھا، نہ کبھی ہمارے پاس بیٹھتا تھا۔ میرے دل میں اس کی محبت گھر کر گئی۔ میرے پاس ایک جگہ سے بہت حلال ذریعہ سے دو درہم آئے، میں وہ لے کر اس جوان کے پاس گیا اور میں نے اس کے مصلے پر ان کو رکھ کر کہا کہ بالکل حلال ذریعہ سے مجھ کو ملے ہیں، ان کو تم اپنی ضروریات میں خرچ کر لینا۔ اس جوان نے مجھے ترچھی اور تیز نگاہ سے دیکھا اور یہ کہا کہ اللہ پاک کے ساتھ یہ ہم نشینی (پاس بیٹھنا) میں نے ستر ہزار اشرفیاں نقد جو میرے پاس تھیں علاوہ جائیداد کے اور کرایہ کے مکانات کے ان سب سے فارغ البال کر کے خریدا ہے۔ تو ان دراہم کے ساتھ مجھے دھوکہ میں ڈالنا چاہتا ہے۔ یہ کہہ کر اپنا مصلیٰ جھاڑ کر کھڑا ہو گیا، جس استغناء کے ساتھ وہ اٹھ کر جا رہا تھا اور میں بیٹھا ان دراہم کو چن رہا تھا۔ اس وقت تک کی اس کی سی عزت اور اپنی سی ذلت میں نے عمر بھر کسی کی نہیں دیکھی یعنی اس وقت اس کی عزت جتنی میری نگاہ میں تھی اتنی عزت کبھی کسی کی میری نگاہ میں نہیں ہوئی اور جتنی اس وقت درہم چنتے ہوئے مجھے اپنی ذلت محسوس ہو رہی تھی۔ اتنی ذلت کبھی اپنی یا کسی اور کی مجھے محسوس نہ ہوئی۔

۲ تم تو مزدور اور دکاندار ہی نکلے

شیخ بنان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

میں مصر سے حج کو جا رہا تھا، میرا توشہ میرے ساتھ تھا، راستہ میں ایک عورت ملی۔ کہنے لگی بنان! تم بھی حمال (یعنی مزدور) ہی نکلے، توشہ لادے لئے جا رہے ہو تمہیں یہ وہم ہے کہ وہ تمہیں روزی نہیں دے گا۔

میں نے اس کی بات سن کر اپنا توشہ پھینک دیا۔

تین دن مجھے کھانے کو کچھ نہ ملا۔ راستہ میں چلتے چلتے مجھے ایک پازیب (پاؤں کا زیور) پڑا ہوا ملا۔ یہ سوچ کر اٹھا لیا کہ اس کا مالک مل جائے گا تو اس کو دوں گا۔ وہ شاید اس پر مجھے کچھ دے دے تو وہ عورت پھر سامنے آئی کہنے لگی کہ تم تو دکاندار ہی نکلے کہ وہ پازیب کے بدلہ میں شاید کچھ دے دے۔

اس کے بعد اس عورت نے میری طرف کچھ درہم پھینک دیئے کہ لے کر انہیں خرچ کرتے رہو۔ میں نے ان کو خرچ کرنا شروع کیا اور واپسی میں مصر تک انہوں نے مجھے کام دیا۔

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

1 لوح خاص برائے دفع مشکلات

یہ لوح خاص لاکھوں فوائد کی حامل ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہر قسم کی مشکلات کو دنوں میں ختم کرنے والی، مشکلات سے چھٹکارا دلانے والی، مشکلات سے جان چھڑانے والی، مشکلات کو آسانیوں اور سہولتوں میں تبدیل کرنے والی، مشکلات سے نجات دلانے والی، مشکلات سے محفوظ رکھنے والا ایک بے مثال اور لاثانی روحانی تحفہ ہے۔

ہدیہ: 1300 روپے

2 لوح خاص برائے نظرِ بد

نظر بد کے منحوس، جان لیوا، تباہ کن اثرات سے خود بھی بچیے اور اپنے گھر، بیوی، بچوں، دوکان، فیکٹری، کاروبار، روزگار اور گاڑی وغیرہ کو بھی بچائیے!! نوٹ: باقاعدہ ہر ایک شخص کے نام اور ہر قیمتی چیز کیلئے آرڈر پر تیار کروائی جا سکتی ہے!!

ہدیہ: 1300 روپے

3 لوح شفاء امراض

ہدیہ: 1100 روپے

لوح شفائے امراض مریضوں، بیماروں کے علاوہ صحت مند دوست واحباب بھی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر پہن کر ہر قسم کے جان لیوا امراض سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

4 لوح تسخیر خاص و عام

ہدیہ: 1100 روپے

اگر آپ کا تعلق پبلک ڈیلنگ سے ہے، آپ عوام کی توجہ اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بیٹھک رڈیرے پر عوامی رش رہے، اگر خاوند بلاوجہ لڑتا جھگڑتا ہے تو لوح تسخیر بنوائیں۔

5 فتح نامہ

ہدیہ: 2100 روپے

شرف زہرہ کے خاص وقت میں تیار گیا ایک خاص تعویذ جو ہر قسم کی فتح کھیل میں، مقابلے میں، تھانہ کچہری مقدمہ بازی کے لیے خاص ہے۔

6 لوح شرف مشتری

ہدیہ: 1600 روپے

حصول مال و دولت اور اسباب مال کیلئے...... خواتین و حضرات کے لیے یکساں مفید انتہائی سعد اور پُر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔

7 لوح ترقی دولت

ہدیہ: 1600 روپے

ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے خوب مال و دولت نصیب فرمائیں اور آپ کی اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کر کے دکھائے گی۔

8 لوح تسخیر مستورات (اہل خانہ)

ہدیہ: 1100 روپے

گھریلو اختلافات اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنے والا روحانی تحفہ۔ فتنہ و فساد کو ختم کرنے کیلئے اس لوح کا آپ کے پاس ہونا انتہائی ضروری ہے۔

9 لوح ترقی رزق

ہدیہ: 1600 روپے

ایسے پریشان حال والدین اور تمام ایسے احباب جو رزق کی کمی کی وجہ سے پریشان ہیں، لوح ترقی رزق پورے اعتماد سے منگوائیں۔

10 لوح حصول ملازمت

ہدیہ: 1250 روپے

ان شاء اللہ اس لوح کی برکت سے آپ کی ساری رکاوٹیں دور ہو جائیں گی اور آپ کی ملازمت کا حصول نہایت ہی آسان اور ممکن ہو جائے گا۔

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhanishop
+92309-7772771
+9242-35410586
+92331-7772771
ruhani.shop
ruhani-shop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

سات سلام اور چہل کاف کے عمل کی بڑی بیاض (ماہر کاپی)

ہدیہ: 1500 روپے

سات سلام اور چہل کاف کے عمل کی اجازت کے ساتھ ایک بڑی بیاض دی جاتی ہے تاکہ عاملین بآسانی سات سلام اور چہل کاف کے اعمال کر سکیں۔ اس بیاض میں ضرورت کے چند اعمال دیے گئے ہیں۔ عرصہ سے طالبین کی خواہش تھی کہ سات سلام اور چہل کاف کی نئی کاپی مرتب کی جائے جس میں بنیادی کاپی کی بنسبت کافی اضافہ ہو اور جو کمی ہے، وہ دور ہو جائے۔ نئی کاپی جس کو ماہر کاپی کا نام دیا گیا ہے، اس میں بہت سا اضافہ کیا گیا ہے تاکہ سات سلام اور چہل کاف کے اجازت یافتہ ماہر طریقے پر اس عمل کو استعمال کر سکیں۔

مختصر تفصیلات درج ذیل ہیں

مریض اور جگہ کی روحانی تشخیص کے طریقے	مریض پر مسلط آسیب و جن کو حاضر کرنا	حصار کے اعمال
جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج	سحر و جادو سے نجات کے اعمال	مختلف قسم کی بندشوں سے نجات کے طریقے
نظر بد، حسد اور لاعلاج بیماریوں کا خاص علاج	مکان یا کسی جگہ کو مضبوط روحانی قلعہ بنانا	واپسی سحر
آسیب، جنات، شیاطین اور جادو کو جلانا	جسمانی بیماریوں کا روحانی حل	حب (محبت) کے اعمال
دشمن کے لئے اعمال	معاش سے متعلق اعمال	چونتیس (۳۴) کے خاص نقش کے عملیات
روحانی تیل برائے دفع جادو و جنات	چہل کاف کے عمل سے جن کو قابو کرنا	چہل کاف کے ذریعے حاضرات کرنا
چہل کاف کے جنات سے سامنے بات کرنا	تسخیر خاص و عام	امتحان میں کامیابی
شادی کے لئے راضی کرنا	قیدی کی رہائی	حصول رشتہ
جائز جدائی	برائے دزد (چور)	ہر مقصد کے لئے
دفع وسوسہ شیطانی	مکھن کھولنا و ہر بند چیز کھولنا	برائے زن و مرد بدکار

کاپی لینے کے لیے چار شرائط ہیں

1. دارالعمل چشتیہ کے شعبے روحانی درسگاہ سے سات سلام اور چہل کاف کا اجازت یافتہ ہو اور ادارے سے تاحال منسلک ہو۔ جن افراد نے کہیں اور سے سات سلام اور چہل کاف کی اجازت لی ہے، وہ افراد ادارے سے رابطہ نہ کریں۔
2. سات سلام اور چہل کاف کے پہلے دو درجوں کی چلہ کشی مکمل کر لی ہو۔
3. پندرہ سو (۱۵۰۰) سو روپے ادا کرنا ضروری ہوں گے۔ ڈاک/کوریئر خرچ الگ ہوگا۔
4. اجازت یافتہ ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا ممبر ہو۔ اگر ممبر شپ ختم ہو گئی ہو تو وہ افراد بھی رابطہ نہ فرمائیں۔

چہل کاف کے تیسرے درجے کی اجازت ساتھ دی جائے گی۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92309-7772776
+9242-35410586
ruhanidarsgah
+92331-7772776
ruhanidarsgah97

عمل شفائے امراض کے عامل بنیں اور بنائیں

آج کے دور میں جو امراض دیکھنے میں آ رہے ہیں، وہ پہلے نہیں تھے۔ اور یہ امراض تیزی سے پھیلتے جا رہے ہیں لوگ جسمانی علاج معالجہ پر لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔ جب کہ روحانی علاج میں خرچ بہت معمولی ہوتا ہے۔ آج کوئی بھی گھر ایسا نہیں جس میں بیمار افراد نہ ہوں۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسا عمل سیکھا جائے، جس کی مدد سے ہر طرح کے امراض کا علاج کیا جا سکے۔ اللہ ﷻ ہی بہتر جانتا ہے کہ جسم کے اندر کون کون سی بیماریاں ہیں۔ ابھی تو میڈیکل سائنس اتنی ترقی کے باوجود، ہر بیماری کی تشخیص کرنے میں ناکام ہے۔ اور نہ ہی کوئی ایسا علاج کسی بھی جسمانی علاج کرنے والوں کے پاس ہے، جس کو استعمال کریں تو ہر بیماری کا علاج شروع ہو جائے۔ یہ اعزاز صرف روحانی علاج کو ہی حاصل ہے۔ روحانی علاج کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں۔ اور جو علاج دیا جاتا ہے، وہ ایک ہی وقت میں کئی افراد بھی کر سکتے ہیں۔ یعنی جو روحانی دوا دی جائے گی، وہ گھر کے تمام افراد استعمال کر سکتے ہیں۔ اس طرح جو مریض ہوں گے، ان کا علاج شروع ہو جائے گا۔ جو نہیں ہوں گے ان کی قوت مدافعت مضبوط ہوگی۔ نیز جو جسمانی علاج کروا رہے ہوں گے، وہ علاج بھی جلد کام کرے گا اور اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

اسی ضرورت کے پیش نظر دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ، عوام کے لئے ایک نورانی عمل "**عمل شفائے امراض**" پیش کر رہی ہے، جس کو سیکھ کر عام فرد بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ ہر طرح کے مہلک، خطرناک اور جان لیوا امراض سے لے کر معمولی سے معمولی امراض کا علاج کر سکے۔ اس عمل سے مکمل استفادہ کرنا ہو تو اس کا عامل بننا ضروری ہے۔ عامل بننے کے بعد اس کا مسلسل ورد میں رکھنا بھی ضروری ہے تا کہ عمل کی تاثیر جاری رہے۔

بذریعہ دم کر سکتا ہے۔ یہ دم وہ فون پر بھی کر سکتا ہے اور تصور میں بھی دور کے مریضوں کو دم کر سکتا ہے۔

عمل شفائے امراض کے فائدے اس عمل کا عامل بننے کے بعد عامل اس قابل ہو جاتا ہے کہ چھوٹی سے چھوٹی بیماری سے لے کر مہلک اور جان لیوا امراض جیسے کینسر، ٹی بی، دل کے امراض، ہیپاٹائٹس اور دماغی امراض وغیرہ کا روحانی علاج کر سکتا ہے۔ اس عمل کے تعویذات دے سکتا ہے، فون اور تصور میں بھی دم کر سکتا ہے، مریض چاہے جتنا مرضی دور ہو۔ یقین سے خود بھی علاج کریں اور مریض کو بھی یقین دلائیں۔ ان شاء اللہ، حیرت انگیز طور پر شفا حاصل ہوگی۔

اجازت کے لیے اہلیت ہر کوئی اس عمل کی اجازت لے سکتا ہے۔ اس عمل میں کسی بھی قسم کی کوئی رجعت نہیں ہوتی۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت کے لیے نقد فیس ادا کرنا ضروری ہے۔ علمائے کرام کے لئے فیس **1600** روپے ہے اور غیر عالم کے لئے **2100** روپے ہے۔ فیس ادا کرنے کے بعد چالیس یوم کا چلہ کرنا بھی ضروری ہے تا کہ عمل کی تاثیر جاری ہو جائے۔ جو لوگ پہلے سے عملیات سے وابستہ ہیں، وہ اجازت کے بعد اس عمل کو استعمال کریں۔ اگر کمی محسوس ہو تو پھر چلہ کرنا ہوگا۔

خاص اجازت لینے کا طریقہ وقت کی کمی کی وجہ سے جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے، وہ بغیر چلہ کشی کے، خاص اجازت لے سکتے ہیں۔ خاص اجازت سے قبل استخارہ ضرور کریں کیونکہ فیس ناقابلِ واپسی ہے۔ عام اجازت سے خاص اجازت کا صدقہ دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عاملین یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں گے۔ پھر رابطہ کر کے آگے سکھانے کی خاص اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah
+92309-7772276
+9242-35410586
+92331-7772776
ruhanidarsgah97

روحانی آبِ شفاء (برائے جادو)

قیمت: 50 روپے

پیکنگ: آدھ لٹر

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کے عاملین کا بے انتہا محنت سے تیار کیا جانے والا ''روحانی آب شفاء (برائے جادو)'' جو کہ ایسے مایوس مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے۔ جو سالہا سال سے جادو کی زد میں ہوں، ان کے لیے روحانی آبِ شفاء ایک شفاء کی اُمید ہے۔ (ان شاء اللہ)

یہ پانی کسی بھی قسم کے جادو سے نجات کے لیے بہت مفید ہے۔ اس روحانی پانی کا اگر گھر میں چھڑکاؤ کیا جائے تو ہر قسم کے جادو کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے، یہ روحانی پانی جادو سے متاثرہ ہر جگہ پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زیادہ مقدار میں حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

+92331-7772771, +9242-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

روحانی عرق گلاب

قیمت: 250 روپے (750ml)

برائے روحانی امراض

● جادو، جنات نظر بد کی وجہ سے رہنے والے سر درد کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے دیگر علاج کے ساتھ استعمال کرنے سے مریض بہت جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے رہنے والے معدہ کے درد کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے دل کی حرکت بڑھ جانے والے مریضوں کیلئے انتہائی مفید ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے جسم پر رہنے والے بوجھ کو دور کرتا ہے ● جادو، جنات کے مریضوں کی بے چینی اور گھبراہٹ کی کیفیات کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کے اثرات سے پیدا ہونے والی پیٹ کی بیماریوں، منہ کی خشکی اور زبان پر رہنے والے کانٹوں کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے ● جادو، جنات کی تمام علامات کے علاج میں زبردست فائدہ دیتا ہے ● دارالعمل چشتیہ کے روحانی عاملین نے اسے انتہائی محنت اور طویل دم کے بعد تیار کیا ہے

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
+92309-7772771, +9242-35410586
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
+92331-7772771 ruhani.shop ruhani-shop

ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات

آج کے مشینی دور میں وقت کی کمی کی سبھی کو شکایت ہے۔ روحانی علاج کے سلسلے میں تعویذات لکھنے میں بھی یہی مسئلہ ہے۔ وقت کی کمی اور افرادی قوت کی کمی کی وجہ سے عموماً پرنٹڈ تعویذات استعمال کروائے جاتے ہیں۔ جب کہ ہاتھ سے لکھے ہوئے تعویذات کی تاثیر پرنٹڈ تعویذات سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اسی ضرورت کو دیکھتے ہوئے ''روحانی دکان'' میں ہاتھ سے لکھے ہوئے چند تعویذات دستیاب ہیں اور عاملین/ روحانی معالجین کے لیے یہ سہولت ہے کہ وہ جو تعویذ، جس سیاہی سے، زیادہ تعداد میں لکھوانا چاہیں، لکھوا سکتے ہیں۔

تعویذات کن چیزوں پر لکھے جاتے ہیں

سفید کاغذ، نیوز کاغذ، روغنی کاغذ، رنگین کاغذ، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، ہرن کی کھال۔ نیز تانبے، پیتل اور مختلف دھاتوں کو مکس کر کے پترے بنا کر ان پر، مختلف قسم کے پتھروں پر۔

مختلف اقسام کے تعویذات لکھوا سکتے ہیں

اسماء الحسنیٰ، قرآنی سورتیں اور آیات، درود شریف، مسنون دعائیں، نورانی، روحانی درسگاہ کی کاپیوں والے تعویذات مختلف قسم کے فلیتے اور دیگر کئی طرح کے تعویذات۔ نیز عاملین کوئی خاص تعویذات لکھوانا چاہیں تو نمونہ بھیج کر وہ تعویذ لکھوا سکتے ہیں۔

درج ذیل قسم کی سیاہی سے تعویذات لکھے جاتے ہیں

1. زعفران
2. مشک و زعفران
3. زعفران، مشک اور عنبر
4. عام کالی سیاہی
5. کالی سیاہی......خاص برائے اعمال شر
6. لال سیاہی
7. عاملین اگر کوئی خاص سیاہی سے لکھوانا چاہیں

+92331-7772771, +9242-35410586
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

طلسمی آلۂ نور

قیمت: 3000 روپے

خوشی و برکت کا روحانی ایٹمی فارمولا

اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا کھلیان ہو یا گودام ہو...... وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت و یگانگت و محبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ دراصل یہ امتزاج ہے صدیوں سے مخفی طلسماتی رازوں کا جس کو جدید ٹیکنالوجی سے ملایا گیا ہے۔ یہ طلسم اردگرد کے ماحول میں موجود تمام ایٹموں کو سیکنڈز میں برکت و خوشی سے بھر دیتا ہے۔

ہر انسان ماحول سے متاثر ہوتا ہے۔ سوچ کو جتنا بھی مثبت کر لے لیکن کہیں نہ کہیں وہ ماحول سے اثر لینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ گھر اور آفس میں ہی اگر منفی سوچ اور حسد کے ہتھیار چلائے گئے ہوں تو وہ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ خصوصاً گھر اور آفس...... جہاں اس کا زیادہ وقت گزرتا ہے۔ اس آلہ میں ایسا انرجی کا غیر مرئی سرکٹ بنا کر ایسی لہریں بھر دی گئی ہیں جو استعمال کے 5 سیکنڈ کے اندر ہی ماحول کو سکون، محبت، یگانگت اور تعاون و خوشگوار سے بھر دیتا ہے اور وہ جگہ اللہ کی رحمت کے حصار میں آجاتی ہے۔

یہ آلہ کہاں اپنے بہترین اثرات دیتا ہے؟

1. جہاں پر بھی ماحول، بلڈنگ، زمین کو خوشگوار کرنا ہو۔
2. کھیت کھلیانوں میں کیڑے، سنڈیوں کے حملوں سے محفوظ رکھنے کا آسان حل ہے۔
3. کمپیوٹر اور الیکٹرانک کے ماحول میں کام کرنے والوں کیلئے پیغامِ حیات ہے۔ وہاں کی الیکٹرانک اشیاء کی شعاعوں سے مضبوط حفاظت رہے گی۔
4. کاروباری مال کے گوداموں میں خراب ہونے سے حفاظت...... الغرض اس کے فوائد بے شمار ہیں۔

ruhanishop +92309-7772771 +9242-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

+92331-7772771 ruhani.shop ruhani-shop

لوح خاص برائے کامیابی امتحان

عطارد مشتری قران کے وقت کا ایک خاص الخاص روحانی تحفہ

ہدیہ: 1250 روپے

لوح کامیابی امتحان کون کون بنوائیں!

لوح کامیابی امتحان نرسری سے لے کر ایم اے تک ہر طالب/طالبہ کیلئے بنوائی جا سکتی ہے۔ لوح کامیابی امتحان ہر قسم کے امتحان میں سو فیصد کامیابی کیلئے بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان مقابلہ میں شریک طلباء وطالبات ضرور بالضرور بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان ہر مشکل سے مشکل امتحان میں کامیابی کیلئے بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان تعلیم میں کمزور طلباء وطالبات کامیابی امتحان کیلئے لازمی بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان اسکول، کالجز، یونیورسٹیز کے تمام طلباء وطالبات بنوا سکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان مدارس/جامعات کے طلباء وطالبات بھی بنوا سکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان دور حاضر میں ہر سالانہ امتحان کیلئے ہر سٹوڈنٹ کی پہلی ضرورت ہے۔ لوح کامیابی امتحان والدین کی طرف سے اپنی اولاد کیلئے دوران تعلیم اور امتحان سے قبل ایک بہترین روحانی تحفہ ہے۔

روحانی دکان +92331-7772771, +9242-35410586

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

العارفی شہد کی فخریہ پیشکش

بیری کا خالص شہد

بہترین خالص غذا اور لاجواب شفائی اثرات کی حامل دوا نوجوان بوڑھے بچے اور خواتین کے ہر مرض کا علاج۔ ہر موسم ہر فرد کیلئے یکساں مفید ہر گھر کی ضرورت

بیری کا شہد انسانوں کے لیے قدرت کی طرف سے عظیم تحفہ ہے۔ یہ شہد انسانی جسم کی تمام چھوٹی بڑی بیماریوں کا علاج ہے اور تمام بیماریوں کو مکمل طور پر ختم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ اس شہد کو یہ شرف حاصل ہے کہ طبیب اعظم وجہ کائنات ﷺ کے مبارک دور میں ان کے علاقے میں یہ موجود تھا اور آج بھی عرب میں بیری کے شہد کو ہی اصل شہد تسلیم کیا جاتا ہے۔ بیری کا شہد دنیا کا طاقتور ترین شہد ہے۔ اس میں مٹھاس کم ہوتی ہے اور زیادہ کھانے کے باوجود طبیعت پر گراں نہیں گزرتا۔

جسم میں خون بنانے کے عمل کو تیز کرتا ہے۔ خواتین میں فطری ماہانہ کی خرابی کی وجہ سے کمی خون کو فوراً پورا کرتا ہے۔ اس میں کئی قیمتی معدنیات، نمکیات اور دھاتیں پائی جاتی ہیں۔ ماہرین بیری کا شہد فالج، کینسر اور ہیپاٹائٹس کے مریضوں کو استعمال کرواتے ہیں۔ اس کا روزانہ استعمال انسان کو ہمیشہ تندرست، چاق و چوبند رکھتا ہے۔

قیمت: آدھا کلو پیکنگ 1100 روپے قیمت: ایک کلو پیکنگ 2200 روپے

مطب العارف +9242-35410586, +92320-7772772

لوح شرفِ قمر

حسن (کراچی)

کُلُّ اَمْرٍ مَرْهُوْنٌ بِاَوْقَاتِهَا کو مدنظر رکھتے ہوئے علمائے جفر و نجوم نے اپنے مشاہدات و تجربات سے ایسے اوقات کی جستجو کی جن میں کسی سیارہ کے سعد و نحس اثرات درجہ کمال کو پہنچتے ہوں۔ تاکہ ان اوقات میں خیر و شر کے عملیات بجالانے سے صدفی صد تاثیر ظاہر ہو۔

کمال سعادت کو شرف کہا گیا جبکہ کمال نحوست کو ہبوط کا نام دیا گیا۔ اس بار ہم سیارہ قمر کے شرف کی افادیت پر ایک مختصر مگر زوداثر جفری عمل بیان کر رہے ہیں۔

آپ کسی بھی شرف قمر کے اوقات میں اپنی حاجت کے مطابق اس عمل سے استفادہ کرتے ہوئے فیض حاصل لے سکتے ہیں۔

سیارہ قمر جو کہ دائرۃ البروج میں برج سرطان کا حاکم سیارہ ہے۔ یہ سیارہ جب دائرۃ البروج کا دورہ کرتے ہوئے برج ثور کے ۳ درجہ پر پہنچتا ہے تو انتہائی سعد شعاعیں زمین پر ڈالتا ہے۔ یہ وقت اس کے شرف کا ہے، یہ وقت انداز اً دو گھنٹے کا ہوتا ہے۔ اس سعد وقت میں حصول علم، حصول اولاد، سحر جادو سے نجات، ترقی کاروبار، فتح و عظمت کے لئے عمل کیا جاتا ہے۔ ہم مفصل طریق بیان کر رہے ہیں ضرورت مند بصد شوق ضرور تجربہ کریں۔

جو حضرات و خواتین گردش ایام، بے روزگاری یا سحر و جادو کی بندش کے ہاتھوں پریشان ہیں انہیں دعوت عمل ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ اپنا نام معہ نام والدہ لکھیں۔

اپنا مقصد لکھیں۔

آیت مجیدہ نصر من اللہ و فتح قریب لکھ کر، تینوں کے اعداد بذریعہ ابجد قمری استخراج کریں۔

حاصل مجموعہ کو مثلث میں چال کے مطابق پُر کریں۔

مثلث پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۱۲ عدد قانون کے نفی کر دیں۔ پھر ۳ پر تقسیم کر دیں۔ حاصل تقسیم کو مثلث کے خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے نقش پُر کر لیں۔

اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو خانہ نمبر ۷ اور دو باقی بچے رہنے کی صورت میں خانہ نمبر ۴ میں ایک کا اضافہ کریں۔

نقش کے چاروں طرف آیت مجید لکھی جائے۔

یہ عمل وقت سے پہلے رف اپنے پاس تیار کر لیں۔

اب ۱۱ فروری ۲۰۱۹ کو صبح ۱۰ بج کر ۱۹ منٹ تا ۱۲ بج کر ۱۳ منٹ کے دوران اس نقش کو چاندی کی تختی پر کسی نوکدار چیز سے کندہ کر لیں۔ کمرہ علیحدہ ہو۔ بخور لوبان، کافور، صندلین اور عود کا روشن کریں۔ خود کو کیوڑہ اور گلاب کی خوشبو سے معطر کریں۔

جب نقش تیار ہو جائے تو بخورات کی دھونی دے کر معطر کر کے سفید کپڑے میں سی لیں اور پاس رکھیں۔ حسب توفیق سفید رنگ کی مٹھائی بچوں میں ضرور بانٹ دیں۔ ان شاء اللہ جلد ہی غیب سے اسباب پیدا ہوں گے۔

ماہِ فروری کے اوقات تو یہاں درج کر دیئے گئے ہیں، دیگر مہینوں کے اوقات جاننے کے لئے آپ کسی معتبر تقویم سے مدد لے سکتے ہیں یا اگر نجوم میں فہم رکھتے ہیں تو مختلف سوفٹ ویئرز اس وقت مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔

اب یہاں نقش کی چال بمعہ ایک عدد مثال پیش کی جارہی ہے۔

نام طالب معہ والدہ ـــــــ اعداد ۴۶۱

مقصد ـــــــ ترقی کاروبار ـــ اعداد ۱۱۴۰

آیت ـــ نصر من اللہ وفتح قریب ـــ اعداد ۱۳۰۲

ہر سہ امورات ـــــــ مجموعہ ۲۹۰۳

نقش مثلث میں پُر کرنے کے لئے ۲۹۰۳ سے قانون کے ۱۲ عدد نفی کئے، حاصل رقم ۲۸۹۱۔ اب اس مجموعہ کو ۳ پر تقسیم کیا۔ حاصل تقسیم ۹۶۳ اور تقسیم سے ۲ عدد باقی رہے۔ لہٰذا خانہ نمبر ۴ میں ایک عدد کا مزید اضافہ بوجہ کسر کیا جائے گا۔

(بقیہ ص 18)

روحانی دفاعی اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل goo.gl/wPJ3Zc

شرفِ قمر کے اعمال

ادارہ

ابتداء	خاتمہ
11-2-2019 10:19	11-2-2019 12:13

ملازمت یا کاروبار کا حصول

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ ایسی حالت میں، جب کوششوں کا کوئی نتیجہ نہ نکلے، امید بندھے اور ٹوٹ جائے۔ دنوں، ہفتوں، مہینوں اور بعض اوقات سالوں دفتروں کے چکر لگانے کے باوجود ملازمت نہ ملے یا کاروبار میں برکت نہ ہو تو ملازمت یا کاروبار میں برکت کے حصول کے لئے یہ نقش بازو پر باندھیں یا گلے میں پہن لیں اور ہر وقت وضو بغیر وضو، چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے ''یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ'' کا ورد کریں۔

نوٹ: کونوں میں دیئے گئے ہندسے نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہیں اصل تعویذ میں نہ لکھا جائے۔

اضافہ: اس وقت میں جتنے تعویذ تیار ہوسکیں، زعفرانی سیاہی سے تعویذ تیار کرلیں۔ جب سائل کو دینا ہو تو اس کا نام معہ والدہ تعویذ کے پیچھے لکھ کر دے دیں اور آیت اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ (شوریٰ:۱۹) کو دن میں کسی بھی وقت ایک سو تینتیس (۱۳۳) بار بطور وظیفہ روزانہ پڑھنے کا کہیں۔ اول و آخر پانچ بار کوئی بھی درود شریف پڑھ لیں۔

روحانی درس گاہ کے اعمال کی فیس میں رعایت

ایسے تمام اعمال، جن میں خزینۂ روحانیات کے ممبران کو رعایت دی جاتی ہے، اس کا اصول یہ ہے کہ اشتہار چھپنے سے قبل ممبر ہونا ضروری ہے۔ جس ماہ اشتہار چھپ گیا، اس ماہ رعایت نہیں دی جائے گی۔

نیز یہ رعایت ان ممبران کے لیے بھی نہیں جو سال سے کم کی ممبرشپ لیتے ہیں۔ (ادارہ)

قمر در عقرب کے اعمال

ادارہ

ابتداء	خاتم
24-2-2019 00:22	24-2-2019 02:05

نقش بربادی دشمن

اس نقش کو نیل سے لکھ کر آگ میں جلا دیں اور راکھ پر دشمن کا تصور کر کے اس کی طرف اڑا دیں، وہ عنقریب تباہ ہوجائے گا۔

وفق ۱۰۵۹۔ کسر نہیں

۳۵۴	۳۴۹	۳۵۶
۳۵۵	۳۵۳	۳۵۱
۳۵۰	۳۵۷	۳۵۲

زبان بندی

درج ذیل کلمات کو کالی سیاہی سے لکھ کر زیادہ تعویذ بنالیں۔ کچھ تعویذ روغنی کاغذ پر تیار کریں اور کچھ سفید کاغذ پر۔ سائل کو تعویذ دیتے وقت تعویذ کے پیچھے جس کی زبان بند کرنی ہو اور جس کے حق میں بند کرنی ہو، ان کے نام معہ والدہ لکھیں۔ مثلاً بستم زبان فلاں بن فلاں فی حق فلاں بن فلاں۔

اگر مطلوب کو پانی پلانا ممکن ہو تو سائل کو روغنی کاغذ والا تعویذ دیں کہ وہ تعویذ گھول کر زیادہ سے زیادہ پلائے۔ اکیس یوم کے لیے ایک تعویذ کافی ہے۔ اگر مطلوب دور ہو تو سفید کاغذ والا تعویذ دیں کہ کسی ایسی جگہ وزن کے نیچے رکھے کہ بے ادبی نہ ہو۔ کلمات یہ ہیں:

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ۔ بِحَقِّ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

نظراتِ سیارگان کے مختصر اعمال

ادارہ

کاروبار میں کامیابی کا خاص نورانی تعویذ

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد مشتری تسدیس	03-02-19 11:53	04-02-19 02:55	4-02-19 17:53

کاروبار میں ترقی کے اعمال و تعویذات تیار کرنے کا یہ خاص وقت ہے۔ عاملین اس خاص نورانی تعویذ کو زیادہ تعداد میں تیار کریں۔ ہر سائل کو دو تعویذ دیں۔ ایک کاروبار کی جگہ پر فریم کرا کر لگانے کو کہیں۔ قبلہ رخ لگائیں یا پھر قبلہ کے بالکل سامنے یعنی اول صورت میں تعویذ کی پیٹھ قبلہ کی طرف ہوگی اور دوسری صورت میں قبلہ کی طرف منہ ہوگا۔ دوسرا تعویذ سائل بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔

تعویذ لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور سورۂ مزمل کو علیحدہ علیحدہ حروف کی شکل میں لکھا جائے۔ جیسے ”ب س م ال ل ہ ال رح م ان ا ل رح ی م۔ ی ای ھا ال م زم ل ق م ال ی ل۔۔۔۔۔ الخ۔“ قرآن مجید میں جس طرح سورۂ مزمل لکھی ہے، اس طرح حروف میں لکھیں۔ تعویذ مشک، عنبر و زعفرانی سیاہی سے لکھیں تو سب سے بہتر ہے۔ ورنہ مشک و زعفرانی سیاہی اور اگر یہ بھی نہ ہو تو صرف زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔

تعویذ تیار کر کے مشتری کے بخورات کی دھونی دیں۔ سائل کو دیں تو اس کو بھی ہفتہ میں ایک بار تعویذ کو مشتری کے بخورات کی دھونی دیتے رہنے کا کہیں اور ساتھ ہی ہر روز گیارہ بار سورۂ مزمل پڑھنے کا بھی کہیں۔ ہر نماز کے بعد دو بار اور عشاء کے بعد تین بار یا پھر کوئی ایک وقت مقرر کر کے گیارہ بار سورۂ مزمل۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔

نوٹ: جو احباب تعویذ خود سے تیار نہ کر سکتے ہوں، وہ ادارے سے رابطہ تیار کروا سکتے ہیں۔ عاملین اگر چاہیں کہ زیادہ تعداد میں تیار کروائیں تو وہ بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ تعویذ ھدیۃً دستیاب ہوگا۔

٭..........٭..........٭..........٭

بستر پر پیشاب کا روحانی علاج

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد مریخ تسدیس	07-02-19 09:02	08-02-19 06:25	09-02-19 03:42

یہ مرض زیادہ تر بچوں کو ہوتا ہے مگر بڑے بھی اس میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ بستر پر پیشاب کی عادت ہو جائے یا پھر بستر پر پیشاب نکل جاتا ہو تو مریض کے لیے دو طلسم تیار کریں۔ ایک سرہانے دائیں طرف رکھیں اور دوسرا مریض کے بازو پر باندھ دیں۔ اگر بازو پر باندھنا ممکن نہ ہو تو مریض جیب میں رکھ سکتا ہے۔ طلسم یہ ہے:

ھحھوام ۸ ا ھی لا لا ہہ لا لا لا

ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا او او

نوٹ: جو یہ تعویذ لینا چاہیں وہ ڈاک خرچ بھیج کر مفت منگوا سکتے ہیں۔

٭..........٭..........٭..........٭

بچوں کا رونا اور دودھ نہ پینا

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد مریخ تسدیس	07-02-19 09:02	08-02-19 06:25	09-02-19 03:42

یہ ایک عام شکایت ہے اور ہر ماں کو اس کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عاملین حضرات اور عوام الناس، دونوں اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور درج ذیل آیات کو باوضو، بغیر اعراب کے صاف سفید کاغذ پر لکھ کر زیادہ تعویذ تیار کر لیں۔ ضرورت پڑنے پر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ بہتر ہے کہ بچہ کا نام اور والدہ کا نام تعویذ کے پیچھے لکھ دیا جائے۔ تعویذ دیتے وقت تین بار

آیات تعویذ پر پڑھ کر بھی دم کریں۔ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

(الاحقاف: ۱۲-۱۴)

نوٹ: جو یہ تعویذ لینا چاہیں وہ ڈاک خرچ بھیج کر مفت منگوا سکتے ہیں۔

تسخیر حکام و افسران

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
شمس مریخ	25-02-19	28-02-19	03-03-19
تسدیس	07:23	07:33	07:50

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ دیکھنے میں آیا ہے کہ دفتروں میں بعض ذمہ دار حضرات اور حکام اپنے ماتحتوں سے اچھا سلوک روا نہیں رکھتے اور ان کو جا و بے جا پریشان کرتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی ذاتی منفعت کے لئے اپنے ماتحتوں کو خلافِ دیانت کام کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں ہرن کی جھلی، ہُدہُد کے پَر یا کسی پاک پرندے مثلاً فاختہ، کبوتر یا مور وغیرہ کے پَر کے اوپر نقش لکھ کر سیدھے بازو پر باندھیں۔

اللّٰھم سخر فلاں بن فلاں (نام حاکم) فی حق فلاں بن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
ہ ح + ی - ص + ر - ل
ہا - ن + و - ق + ہ - ح

فلاں (اپنا نام معہ والدہ)

نوٹ: اگر حاکم یا افسر کی ماں کا نام معلوم نہ ہو تو اُس کے نام کے ساتھ اس کا عہدہ لکھیں۔

ہبوطِ عطارد

ظالم دشمن کا کاروبار ڈیرہ بند کرنا

ابتداء	خاتمہ
18-2-201	19-2-2019
13:03	03:22

''ہبوطِ عطارد'' ایک منفی وقت ہے اور اس وقت کے دوران زحل یا مریخ کی ساعت میں اس عمل کو تیار کیا جائے۔ اگر کسی کا کوئی ایسا دشمن ہے جو بہت ظلم کرتا ہے اور بہت لوگ اس کی وجہ سے پریشان ہیں۔ وہ کافی امیر ہے اور اس کا ڈیرہ بھی ہے۔ ایسے شخص کو سبق سکھانے کے لیے پہلے کسی مفتی سے اس عمل کی شرعی اجازت لے لی جائے۔ پھر اس عمل کو کیا جائے۔

سات پرانی و بوسیدہ قبروں کی مٹی حاصل کریں۔ پھر مخصوص ساعت میں اس آیت کو بارہ سو پچھتر (۱۲۷۵) مرتبہ پڑھ کر اس مٹی پر دم کریں اور وہ مٹی ظالم کے کاروبار مقام اور ڈیرے پر گرا دیں۔ مٹی زیادہ لیں تا کہ زیادہ بار پھینک سکیں۔ ایسی جگہ پھینکیں جہاں سے اس مٹی کو جھاڑو دی جائے اور مٹی اُڑے اور ایسی جگہ بھی پھینکیں جہاں سے وہ ظالم اس مٹی کے اوپر سے گذر جائے۔

اگر عمل کو بہت طاقتور کرنا ہو تو ''ہبوطِ قمر'' کے اوقات میں جتنی بھی زحل اور مریخ کی ساعتیں آئیں، ان سب میں اس عمل کو کر کے مٹی پر دم کیا جائے۔ آیت یہ ہے: تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿۱﴾ (لھب: ۱)

نوٹ: اس عمل کے شروع میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنا۔ عمل پڑھ کر پھونک مارنے کے بعد اول و آخر درود شریف پڑھ کر عمل کی کامیابی کی دعا مانگ لی جائے۔

اگربتیوں کی ورائٹی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

دارالعمل چشتیہ کے مختلف شعبوں کے رابطہ نمبرز کی تفصیل

ذیل میں دارالعمل چشتیہ کے مرکزی رابطہ نمبر اور مختلف شعبوں کے رابطہ نمبر دیے جارہے ہیں۔ سب کے اوقات صبح 11 بجے تا شام 5 بجے ہیں۔ بروز جمعۃ المبارک ادارے کے سب شعبوں کا ناغہ ہوتا ہے۔

ادارہ دارالعمل چشتیہ

ٹیلی نار: 7772772-343-92+

وارد/جاز: 7772772-322-92+

زونگ: 7772772-312-92+

یوفون: 7772772-306-92+

پی ٹی سی ایل: 35410586-42-92+

شعبہ نشرواشاعت

دفتر: 5410586-343-92+

ماہنامہ خزینۂ روحانیات

مدیر: 7772772-305-92+

معاون مدیر: 7772772-304-92+

دفتر: 4773786-322-92+

روحانی درسگاہ

ناظم: 7772772-304-92+

نائب ناظم: 7772772-305-92+

دفتر ❶: 7772775-333-92+

دفتر ❷: 7772775-320-92+

روحانی علاج گاہ

ناظم: 7772772-305-92+

نائب ناظم: 7772772-304-92+

دفتر ❶: 7772772-324-92+

دفتر ❷: 7772772-342-92+

مطب العارف

دفتر: 7772772-320-92+

مکتبۃ العارف

دفتر ❶: 4487877-332-92+

روحانی دکان

دفتر ❶: 4312272-334-92+

دفتر ❷: 4312272-346-92+

دفتر ❸: 4312272-320-92+

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ

دفتر: 5410586-341-92+

شعبہ شادی

دفتر: 5410586-320-92+

نوٹ

❶ براہ مہربانی دارالعمل چشتیہ کے جس شعبہ میں رابطہ کرنا ہو، صرف اس شعبے کے متعلقہ نمبرز پر ہی رابطہ فرمائیں۔ شکریہ

❷ سرپرست دارالعمل چشتیہ جناب خالد مقبول حفظہ اللہ سے رابطہ کرنے کے لیے پہلے متعلقہ شعبے پر رابطہ کریں۔ درسگاہ اور علاج گاہ والے ناظم صاحب یا نائب ناظم صاحب سے رابطہ کریں۔ تسلی نہ ہونے پر دفتر رابطہ کرکے اپنے مسئلے کے بارے میں بات کریں۔ ان کو خالد صاحب حفظہ اللہ سے جواب لے کر دے دیا جائے گا۔ اگر کوئی خود بات کرنا چاہے تو وہ صرف Whatspp Audio Message کردیا کرے۔ مصروفیت کے پیشِ نظر فی الحال فون پر بات کرنے سے معذرت ہے۔ (ادارہ)

جادوگری کے وہ چشم کشا حقائق جو متعدد لوگ نہیں جانتے

تحریر: یونس مسعود

جادو ٹونے کی ساری قوتوں کا منبع ابلیس اور اس کی خبیث اولاد ہوتی ہے۔ ابلیس نے کیونکہ اولادِ آدم کو گمراہ کرنے اور اسے نقصان پہنچانے کا عزم کیا ہوا ہے اس لئے جو انسان جادوگری کی دلدل میں گھستا ہے وہ گویا اپنے پیروں پر خود ہی کلہاڑی مارتا ہے۔ صاف ظاہر ہے اپنے دشمن کو اپنا دوست سمجھ کر اس سے اپنی ہی نسل کے لوگوں کے خلاف مدد مانگنا بے وقوفی نہیں تو اور کیا ہے؟ ہر ذی شعور کوئی بھی کام کرنے سے پہلے اس میں اپنا فائدہ ضرور دیکھتا ہے، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان کا ازلی دشمن ابلیس کسی جادوگر کو اپنی کچھ طاقتیں دے اور بدلے میں اس سے کچھ نہ لے؟ چنانچہ شیطان جتنا کچھ کسی جادوگر کو دیتا ہے اس سے کئی گنا زیادہ فائدہ وہ خود حاصل کرتا ہے اور یہ بات ایک جادوگر کو اس لئے سمجھ نہیں آتی کیونکہ اس کا دماغ شیطان کے مکمل کنٹرول میں ہوتا ہے، اگرچہ وہ اس خوش فہمی میں ہوتا ہے کہ میں نے شیطانی طاقتوں کو قابو کرلیا ہے۔ پہلا نقصان جادوگر کو یہ ہوتا ہے کہ اس کا ایمان ختم ہوجاتا ہے، یعنی وہ مسلمان سے کافر ہوجاتا ہے۔ دوسرا نقصان یہ ہوتا ہے کہ اس کی ذات میں انسانی اوصاف اور جذبات ختم ہوکر شیطانی خصائل پیدا ہوجاتے ہیں۔ انسانی وجود کی ساخت ہی ایسی بنائی گئی ہے کہ جب تک اس میں تمام جذبات اعتدال پر رہتے ہیں تب تک اسے سکون نصیب ہوتا رہتا ہے۔ جادوگری میں ملوث ہونے سے بہت سے جذبات اعتدال کی حد کو عبور کرلیتے ہیں جس کے نتیجے میں زندگی سے سکون ختم ہوجاتا ہے۔ مثال کے طور پر جادوگر کی طبیعت میں غصہ، حسد، تکبر اور نفرت کی زیادتی ہوجاتی ہے۔ کامن سینس کی بات ہے کہ جو انسان ہر کسی سے حسد، نفرت اور غصہ کرنے لگے اور اپنے ہی گھمنڈ میں رہے تو اسے اطمینان اور سکون کیسے نصیب ہوگا؟ اس دنیا میں بہت بڑی نعمت اور سکون کا باعث انسان کی اولاد ہوتی ہے۔ اسی لئے شیطان جادوگروں کی اس نعمت کو ضرور نقصان پہنچاتا ہے۔ جادوگر کی یا تو اولاد ہی نہیں ہوتی اور اگر ہوتی ہے تو اولادِ نرینہ نہیں ہوتی۔ ایسا نہیں ہے کہ اولادِ نرینہ پیدا ہی نہیں ہوتی بلکہ پیدا ہوکر زندہ نہیں رہتی۔ ایسا اس لئے ہوتا ہے کیونکہ جادوگر کی تابع ابلیسی بلائیں اسے مار دیتی ہیں۔ بعض اوقات اس متاثرہ بچے پر گہرے نیلے رنگ جیسی مخصوص علامت بھی دکھائی دیتی ہے۔ کچھ جادوگروں کے عجیب الخلقت بچے پیدا ہوتے ہیں جس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ شیطانی جنات جادوگروں کی عدم موجودگی میں ان کی بیویوں کے ساتھ رات گزارتے ہیں۔ معاملہ یہیں پر ختم نہیں ہوجاتا بلکہ جادوگروں کی جو اولاد (لڑکی یا لڑکیاں) زندہ رہتی ہے اس کی نشوونما میں کوئی نہ کوئی کمی رہ جاتی ہے، یعنی یا تو اس کی دماغی صلاحیتیں متاثر ہوتی ہیں یا جسمانی صحت کمزور ہوتی ہے یا پھر قد چھوٹا رہ جاتا ہے۔ بڑی عمر تک بھی شیاطین ان کا پیچھا نہیں چھوڑتے اور ان کے رشتوں اور شادیوں میں نہ ختم ہونے والی رکاوٹیں ڈال دیتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ کچھ جادوگر دوسروں کی اولادِ نرینہ کو نقصان پہنچا کر اور ستا کر گویا انتقام لیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جادو ٹونے سے کوئی کام نہیں ہوتا بلکہ صرف نظر آتا ہے کہ سارے کام ہو رہے ہیں۔ اس کی پہلی دلیل موسیٰ علیہ السلام کے دور میں لکڑیوں اور رسیوں کا سانپ جیسا دکھائی دینا ہے۔ دوسری دلیل نمرود کی بادشاہت کی ہے، جب اسے اس کی رعایا نے کہا کہ تو خدائی کا دعویٰ کرتا ہے تو بارش برسا۔ نمرود کے دربار میں ابلیس نے انسانی صورت میں آکر کہا کہ فکر نہ کریں صبح تک ہم بارش برسا دیں گے۔ رات ہوئی تو ابلیس نے تمام شیطانوں کو حکم دیا کہ اس علاقے میں پیشاب کردو۔ لوگ بیدار ہوئے تو سارا علاقہ گیلا تھا اور شدید بدبو بھی۔ انہوں نے نمرود سے شکایت کی تو اس نے ابلیس سے پوچھا، اس نے کہا جہاں تم جیسا رب ہو وہاں ایسی ہی بارش برسے گی۔ سو جادو ٹونے سے کام اس طریقے سے ہوتے ہیں۔ جب جادو ٹونے سے کسی کو نقصان پہنچتا ہے تو لوحِ محفوظ میں اس شخص کو نقصان پہنچنا پہلے سے لکھا ہوتا ہے، جو کوئی جادو سے مر

مختلف مقاصد کیلئے مختلف الواح کی تفصیل goo.gl/N5BAsz

جاتا ہے اس کی تقدیر میں پہلے سے لکھا ہوتا ہے کہ اس کی موت جادو سے ہوگی۔ جس کی تقدیر میں زندگی لکھی ہوتی ہے جادوگر ہزار بار کوشش کر کے بھی اسے نہیں مار سکتا۔ جادوگر صرف تکلیف، نقصان اور قتل کا ذریعہ بن کر مفت میں گناہ کماتے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی دلیل حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا واقعہ ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مسجد میں نماز ادا کرنی تھی۔ انہوں نے مسجد کے پاس موجود ایک شخص کو گھوڑے کی لگام تھمائی اور مسجد میں داخل ہوئے۔ ان کے جاتے ہی اس شخص نے لگام اتار کر بازار میں دو درہم کی فروخت کر دی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نماز سے فارغ ہوئے تو جیب میں ہاتھ ڈال کر دو درہم نکالے تا کہ اس شخص کو لگام پکڑے رہنے کی مزدوری دیں، مگر انہوں نے دیکھا کہ نہ تو لگام ہے اور نہ وہ شخص۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بازار جا کر اپنی ہی لگام دو درہم میں خرید لی اور فرمایا کہ اللہ پاک اسے حلال کا رزق دینا چاہ رہا تھا مگر اس نے اپنی جلد بازی اور مکر و فریب سے وہی رزق حرام بنا کر حاصل کیا۔ یہی کچھ جادو ٹونے میں ہوتا ہے۔ ہر جادوگر کا سامنا ایسے لوگوں سے ضرور ہوتا ہے جن پر وہ باوجود کوشش کے بھی قابو نہیں پا سکتا۔ اللہ کے ایسے نیک بندے اس طرح کے نورانی وظائف پڑھتے ہیں جن کی برکت سے جادوگروں کا جادو خود انہی پر پلٹ جاتا ہے اور وہ بے وقوف سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ بھی مجھ پر جادو کر رہے ہیں حالانکہ جادوگروں کا اپنا ہی جادو ان پر پلٹ رہا ہوتا ہے۔ شیطانی خصائل کے حامل لوگ ایک شیطان کی طرح کسی انسان کی خوشی برداشت نہیں کر پاتے۔ یہی وجہ ہے کہ یا تو وہ شادی بیاہ میں کم شرکت کرتے ہیں اور اگر کرتے ہیں تو منہ لٹکا کر اور وہاں جانے کا مقصد لوگوں کی خوشیوں میں شریک ہونا نہیں ہوتا بلکہ ایسی تقریبات میں جانے کا مقصد لوگوں کے حالات سے آگاہی حاصل کرنا ہوتا ہے تا کہ معلوم ہو سکے کہ کون کون ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہے پھر ان پر اسی حساب سے بندشیں لگا سکیں۔ ایسے لوگ کسی انسان کے مرنے پر بے حد خوش ہوتے ہیں اور بھاگ کر نماز جنازے میں شرکت کرتے ہیں۔ یہاں بھی ان کا مقصد اظہارِ افسوس، تعزیت یا دعائے مغفرت کرنا نہیں ہوتا بلکہ وہ مردے کے قریب جا کر اپنے کفریہ منتر پڑھتے ہیں تا کہ اس مردے کا ہمزاد تسخیر کر کے متعدد لوگوں کو اس کی مدد سے پریشان کر سکیں۔ جادوگروں کو کیونکہ معاشرے میں اچھا نہیں سمجھا جاتا اس لئے یہ بالعموم پرہیزگاری اور بزرگی کا لبادہ اوڑھ کر رہتے ہیں۔ بعض نورانی عامل بن جاتے ہیں تو کچھ داڑھی، ٹوپی وغیرہ پہن کر متقی نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسی حالت میں ان کا سارا زور اسلام کے ان امور کی طرف رہتا ہے جو لوگوں کو واضح نظر آئیں، مثال کے طور پر نماز، مسجد، خیرات اور قربانی وغیرہ کا زیادہ ذکر کرنا ان لوگوں کا خاصہ ہوتا ہے۔ جو جادوگر توبہ نہیں کرتے ان کی زندگی کے آخری ایام انتہائی دردناک ہوتے ہیں۔ ان کی جان آسانی سے نہیں نکل پاتی۔ حالتِ سکرات میں وہ کئی کئی دن بستر پر پڑے رہتے ہیں۔ وہ کتے کی طرح خوفناک آواز نکالتے ہیں، سانڈ کی مانند ڈکراتے ہیں اور سانپ کی طرح پھنکارتے ہیں۔ اللہ پاک ان کو ان کے بھیانک کرتوتوں کی سزا اسی دنیا میں دے کر انہیں عبرت ناک موت سے دوچار کرتا ہے۔

عطر تسخیر

قیمت: 250 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بار آور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "عطر تسخیر" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "عطر تسخیر" سریع التاثیر ہے۔

ruhanishop
+92309-7772771
+9242-35410586

روحانی دکان دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
+92331-7772771 ruhani.shop ruhani-shop

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم (دیوبند)

علم الاعداد سے سوال کا جواب

فلاں شخص کس طرح پیش آئے گا

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ فلاں شخص کس طرح پیش آئے گا تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ سوال کرنے والے کے نام، اس کی والدہ کے نام اور یوم سوال کے اعداد جمع کر کے اس میں اس شخص کے اعداد بھی جمع کر دیں، جس کے بارے میں معلومات کرنی ہیں۔ مجموعی اعداد کو ۴ سے تقسیم کر دیں۔ اگر ایک بچے تو دشمنی کا اندیشہ ہے۔ اگر ۲ بچے تو دوستی کی امید ہے۔ اگر ۳ بچیں تو بظاہر دوستی کرے گا، باطن دشمنی رکھے گا۔ اگر کچھ نہ بچے تو شروع میں دوستی کا اظہار کرے گا بعد میں دشمنی کرے گا۔

مثلاً سلیم ابن خالدہ سائل ہے۔ جمعہ کے دن یہ معلوم کر رہا ہے کہ زاہد اس کے ساتھ کیسا برتاؤ کرے گا تو اس طرح حل نکالیں گے۔

اعداد سلیم	۱۴۰
اعداد خالدہ	۶۴۰
اعداد جمعہ	۱۱۸
اعداد زاہد	۱۷
کل اعداد	۹۱۵

۴ سے تقسیم کیا تو ۳ بچا۔ ثابت یہ ہوا کہ زاہد بظاہر دوستی کا اظہار کرے گا لیکن باطن میں دشمنی رکھے گا۔ (واللہ اعلم)

کیا فلاں جگہ تجارت یا ملازمت سے فائدہ ہوگا؟

اگر کوئی شخص کسی شہر یا قصبہ یا ملک میں تجارت یا ملازمت کا خواہشمند ہو تو یہ اندازہ کرنے کے لئے کہ اس کو اس کام میں فائدہ ہوگا یا نہیں؟ یہ طریقہ اختیار کرے۔ سب سے پہلے اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکال کر جمع کرے اور کل مجموعے کو ۸ سے تقسیم کر دے۔ اس کے بعد اس علاقے کے نام کے اعداد نکال کر ان کو دگنا کر کے ۸ سے تقسیم کر دے۔ پھر دونوں عددوں کو دیکھیں۔ اگر تقسیم کے بعد علاقے کے عدد زیادہ ہیں تو وہاں ملازمت و تجارت کرنے میں فائدہ ہے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

مثلاً زید ابن شکیلہ، مدراس میں کام کرنے کا خواہشمند ہے تو اس کا طریقہ کار یہ ہوگا۔

اعداد زید	۲۱
اعداد شکیلہ	۳۴۵
کل اعداد	۳۶۶

۸ سے تقسیم کیا تو ۶ بچا۔

اعداد۔ مدراس ۶۱۰=۳۰۵+۳۰۵

۸ سے تقسیم کیا تو ۲ بچا۔

تقسیم کے بعد معلوم ہوا کہ مدراس کے عدد کم ہیں، اس لئے زید کا یہاں کوئی کام کرنا فائدہ مند ثابت نہیں ہوگا۔

فروری 2019ء کی نئی منتخب کتاب
گنجینۂ جواہر فریدی (نئی کتاب)
پیر و حکیم حاذق میاں محمد دین چشتی قادری
قیمت: 1200 روپے
فوٹو سٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)
● اسمائے باری تعالیٰ کے پڑھنے کی ترکیب ● خواص سورۃ فیل ● طریقہ سورۃ یوسف ● خواص سورۃ یوسف ● عمل حب اور تسخیر خلائق ● بسم اللہ کا بیان ● سورۃ فاتحہ کا بیان ● خواص سورۃ فاتحہ ● فوائد آیۃ الکرسی ● طریقہ زکوۃ سورۃ یسین ● ختم سورۃ فتح ● ختم سورۃ واقعہ ● برائے تسخیر ● عداوت کا بیان ● عداوت کے عملیات ● قسمت فالنامہ ستارے کے حساب پر دیکھنا ● زکوۃ قرآن پاک کے ہر عمل اور ہر ایک تعویذ کی ● برائے نظر بد ● برائے حب ● برائے عداوت تیر بہدف ● ہر مشکل آسان شود۔۔۔ وغیرہ
تشخیص و تجویز پر بہترین کتاب
جدید تقاضوں کے عین مطابق
① بشیر طب (نئی کتاب) عام قیمت: 900 روپے
مصنف پروفیسر حکیم محمد اشرف شاکر (فاضل نظریہ مفرد اعضاء)
② شافی دوائیں اور شافی علاج (نئی کتاب)
مولف حکیم طارق محمود چغتائی عام قیمت: 250 روپے
+92334-7772774, +9242-35410586

جاوید چوہدری

ہوٹلوں میں زہر پیش کیا جارہا ہے

آپ سب کو یاد ہوگا کلفٹن میں مشہور معروف ہوٹل میں کھانا کھانے سے بچے جان سے چلے گئے تھے، اس کی چشم کُشا رپورٹ ملاحظہ فرمائیں اور کچھ سبق حاصل کریں۔ جو لوگ کھابے کھابے کرتے ہیں ان سب کے لئے عبرت کا مقام ہے۔

والد لاہور میں تھا اور والدہ کراچی میں‘ بچوں نے ضد کی اور والدہ انہیں لے کر پلے لینڈ چلی گئی‘ بچے پلے لینڈ میں جھولے لیتے رہے‘ یہ تھک گئے تو ماں انہیں کھانا کھلانے زمزمہ لے گئی‘ یہ لوگ ایری زونا گرل ریسٹورنٹ چلے گئے‘ ایری زونا گرل کراچی کا فائیو سٹار ریسٹورنٹ تھا‘ ڈائننگ ہال شاندار‘ ویٹرز لاجواب اور نرخ لندن اور نیو یارک کے برابر‘ ماں نے کھانا آرڈر کیا‘ کھانا آیا‘ ماں اور دونوں بچوں نے کھانا کھایا اور یہ تینوں رات دو بجے گھر آ گئے‘ صبح کے وقت تینوں کی طبیعت خراب ہوگئی۔

تینوں کے پیٹ میں درد شروع ہوگیا‘ سر پھٹنے لگا اور تینوں الٹیاں کر کے بے حال ہوگئے‘ ماں دوپہر تک دیسی ٹوٹکوں سے اپنا اور بچوں کا علاج کرتی رہی لیکن طبیعت بحال نہ ہو سکی‘ دیور سبحان کو پتہ چلا‘ وہ پہنچا تو دیکھا چھوٹا بیٹا احمد آخری سانسیں لے رہا ہے‘ بڑا بیٹا محمد بے ہوشی کے عالم میں گرا ہوا ہے اور بھابی عائشہ اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہو پا رہی‘ سبحان دوڑا‘ ایمبولینس منگوائی اور وہ تینوں کو ہسپتال لے گیا‘ چھوٹا بیٹا احمد راستے ہی میں داعی اجل کو لبیک کہہ گیا‘ محمد ابتدائی طبی امداد کے دوران جاں بحق ہوگیا جبکہ والدہ عائشہ کی حالت تشویش ناک ہوگئی‘ یہ خبر 11 نومبر کی شام ٹیلی ویژن چینلز تک پہنچی‘ نیوز بریک ہوئی اور نوٹسوں کا سلسلہ شروع ہوگیا‘ آئی جی نے بھی نوٹس لیا‘ وزیر اعلیٰ کا نوٹس بھی جاری ہوگیا اور وفاق کی طرف سے بھی نوٹسوں کی بارش شروع ہوگئی‘ ڈائریکٹر سندھ فوڈ اتھارٹی اپنی پوری ٹیم کے ساتھ ایری زونا گرل پہنچ گیا‘ کچن میں چھاپہ مارا گیا تو پوری ٹیم حیران رہ گئی‘ کراچی کے مہنگے ترین ریسٹوران کے کچن میں بو بھی تھی‘ گندگی بھی اور کیڑے مکوڑے اور چوہے بھی‘ ریسٹوران کے فریزر میں بچا ہوا کھانا بھی پڑا تھا اور دو تین سال پرانا ایکسپائرڈ امپورٹڈ گوشت بھی‘ ٹیم نے ایکسپائرڈ اشیاء اکٹھی کیں تو دو پک اپس بھر گئیں‘ ٹیم نے فریزر میں پڑے گوشت کے نمونے لے لئے‘ بچوں احمد اور محمد کا پوسٹ مارٹم بھی ہوا‘ ان کے پیٹ اور انتڑیوں میں موجود خوراک کے نمونے بھی لے لئے گئے۔

یہ نمونے لاہور کی فرانزک لیبارٹری میں بھی بھجوا دیئے گئے اور آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کراچی میں بھی‘ رپورٹس آئیں تو ان رپورٹس نے پورے سسٹم کے چھکے چھڑا دیئے‘ خاتون اور بچوں نے ریسٹوران سے جو گوشت کھایا تھا اور وہ گوشت 2015ء کا تھا‘ وہ مختلف فریزرز سے ہوتا ہوا تین سال کا سفر کر کے اس خاندان کی میز تک پہنچا تھا‘ تین سال کے اس سفر کے دوران گوشت میں ایک ایسا بیکٹیریا پیدا ہوگیا تھا جس نے بچوں کے گردے فیل کر دیئے۔

بچوں کا پیشاب خون میں شامل ہوا اور یہ تڑپ تڑپ کر مر گئے جبکہ والدہ شدید بیمار ہوگئی‘ فوڈ اتھارٹی نے ریسٹوران کے فریزر میں موجود سارے گوشت کے نمونے لے لئے‘ جب تمام نمونوں کے نتائج آئے تو وہ بھی ہولناک تھے‘ ان تمام نمونوں میں زہریلا بیکٹیریا موجود تھا‘ پولیس نے ریسٹوران کی انتظامیہ کے خلاف دفعہ 322 اور 272 کے تحت مقدمہ قائم کر دیا‘ ریسٹوران کا مالک اور ملازمین اس وقت جیل میں ہیں جبکہ ریسٹوران سیل ہو چکا ہے۔

یہ کراچی جیسے بین الاقوامی شہر کے فائیو سٹار ریسٹوران کی صورتحال ہے‘ آپ اس سے باقی ریسٹورانوں کی حالت کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں‘ ہم باقی ریسٹورانوں کی طرف آنے سے پہلے ایری زونا گرل کے ایشو کی طرف آئیں گے‘ یہ ریسٹوران درآمد شدہ خوراک بیچتا تھا‘ گوشت اور گوشت بنانے کا سارا میٹریل بیرون ملک سے امپورٹ ہوتا تھا‘ فوڈ اتھارٹی نے جب چھاپہ مارا تو پتہ چلا سٹور کا سارا گوشت اور ساسز ایکسپائرڈ ہیں‘ یہ بھی پتہ چلا کچن میں کام کرنے والا عملہ ان پڑھ بھی تھا اور لاپرواہ بھی۔

ادارے کے خاص خاص تعویذات کی تفصیل goo.gl/N7Jqe1

ان میں سے کسی شخص نے کبھی کسی ڈبے، کسی بوتل اور کسی پیکٹ کو کھولنے سے پہلے اس کی ایکسپائری ڈیٹ نہیں دیکھی تھی، ریسٹوران میں کوالٹی چیک کرنے کے لئے کوئی میڈیکل ورکر بھی نہیں تھا، یہ بھی پتہ چلا ریسٹوران کی تاریخ میں آج تک حکومت کے کسی ادارے نے کبھی اس کی انسپکشن نہیں کی اور یہ بھی پتہ چلا سٹور روم کا سٹاف بھی ان پڑھ اور نالائق تھا، سٹور میں تین سال پرانی اشیاء پڑی ہوئی تھیں اور کسی نے ان کی ایکسپائری ڈیٹ تک جاننے کا تکلف نہیں کیا تھا، یہ تمام حقائق ہوش ربا تھے۔

میں نے یہ حقائق دیکھے اور فوڈ اتھارٹی سندھ کے بارے میں تحقیقات کیں تو پتہ چلا یہ اتھارٹی بھی مارچ 2018ء میں بنی اور پورے سندھ کے لئے اس کے پاس صرف چار افسر ہیں اور یہ بھی ڈیلی ویجز پر کام کرتے ہیں، حکومت نے انہیں گاڑی تک کی سہولت نہیں دے رکھی، یہ ذاتی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر سرکاری کام کرتے ہیں، سندھ میں اس سے قبل فوڈ کنٹرول کے لئے کوئی سسٹم موجود نہیں تھا چنانچہ کراچی میں آج بھی گلیوں کے کتے کاٹ کر گاہکوں کو کھلا دیئے جاتے ہیں۔

یہ بھی پتہ چلا پنجاب میں میاں شہباز شریف نے 2011ء میں فوڈ اتھارٹی بنائی اور اس اتھارٹی نے تین چار بڑے قدم اٹھائے مثلاً پنجاب میں کھانے پینے کی کوئی چیز ایکسپائری ڈیٹ کے بغیر نہیں بک سکتی، پورے صوبے میں ڈبل روٹیوں کے پیکٹ پر بھی ایکسپائری ڈیٹ چھاپی جاتی ہے، پنجاب میں کھلا کوکنگ آئل بیچنے پر پابندی لگا دی گئی، یہ ڈبے میں بکتا ہے اور اس پر ڈبل ریفائنڈ اور ایکسپائری ڈیٹ لکھی جاتی ہے اور پنجاب کے تمام ریسٹورانوں اور فوڈ چینز کی باقاعدہ انسپکشن بھی ہوتی ہے۔

ریسٹوران میں گندگی اور غیر معیاری اشیاء کے استعمال پر جرمانے بھی ہوتے ہیں اور یہ سیل بھی کر دیئے جاتے ہیں وغیرہ وغیرہ، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قیام سے پہلے پنجاب جعلی اشیاء کی سب سے بڑی منڈی ہوتا تھا، پنجاب میں پابندی لگی تو جعلی اور ایکسپائری فوڈ آئٹم بیچنے والے سندھ، کے پی کے اور بلوچستان شفٹ ہو گئے، یہ اب اپنا سارا سامان پنجاب سے باہر بیچتے ہیں، آپ انتہا ملاحظہ کیجئے کوکنگ آئل کمپنیاں سوپ گریڈ پام آئل منگواتی ہیں، یہ تیل اس وقت تک کھانے کے قابل نہیں بنتا جب تک یہ دو بار ریفائن نہ کر لیا جائے لیکن یہ کراچی میں کھلا اور ریفائن کئے بغیر بیچ دیا جاتا ہے اور شہر کے 90 فیصد ریسٹوران یہ تیل استعمال کرتے ہیں۔

چنانچہ آپ جب کھلا کوکنگ آئل، ایکسپائرڈ ساسز اور پرانا فروزن گوشت استعمال کریں گے تو کیا نتیجہ نکلے گا، وہی نتیجہ نکلے گا جو ایری زونا گرِل میں اس خاندان نے بھگتا۔ ملک میں ریسٹورانوں میں کھانا کھانے والے لوگوں کی سب سے بڑی تعداد کراچی میں پائی جاتی ہے، آپ کسی دن کراچی کے لوگوں میں امراض قلب، بلڈ پریشر اور شوگر کا ڈیٹا دیکھ لیجئے، آپ پریشان ہو جائیں گے، کراچی کا ہر دوسرا شہری شوگر، بلڈ پریشر اور دل کے امراض میں مبتلا ہے، کیوں؟ وجہ ریسٹوران اور صابن گریڈ پام آئل ہے، معیاری کوکنگ آئل دو سو روپے لیٹر ملتا ہے جبکہ پام آئل 90 روپے لیٹر مل جاتا ہے چنانچہ ریسٹورنٹ کے مالکان ایک سو دس روپے بچانے کے لئے لاکھوں لوگوں کو بیمار کر رہے ہیں، پاکستان میں کتے کھلانے کے سب سے زیادہ واقعات بھی کراچی میں رپورٹ ہو رہے ہیں جبکہ پیچھے رہ گئے ایری زونا گرِل جیسے فائیو سٹار ریسٹوران تو ان کے زیادہ تر آئٹمز ایکسپائرڈ ہوتے ہیں، یہ لوگ لاٹس میں سامان اٹھاتے ہیں اور یہ لاٹس دو دو، تین تین سال ان کے سٹور رومز میں پڑی رہتی ہیں اور پھر ان ایکسپائرڈ اشیاء کا کھانا بنا کر کراچی کی اشرافیہ کو کھلا دیا جاتا ہے لہٰذا آپ خود فیصلہ کیجئے لوگ بیمار نہیں ہوں گے، لوگ ہلاک نہیں ہوں گے تو کیا ہو گا؟

ہم اب حل کی طرف آتے ہیں، پہلا فیصلہ ریاست کو کرنا ہو گا، کیا ہم نے زہر کھا کھا کر مرنا ہے یا پھر ہم نے زندہ رہنا ہے، ریاست اگر شہریوں کو صرف خوراک، پانی، ہوا اور ادویات خالص فراہم کر دے تو یہ ملک اپنے قدموں پر کھڑا ہو جائے گا، ہم ناخالص خوراک کی وجہ سے بیمار ہو چکے ہیں، پاکستان کا ہر شخص کسی نہ کسی بیماری کا شکار ہے، ہمیں اگر بیمار قوم کہا جائے تو غلط نہیں ہو گا چنانچہ ریاست کو فوری طور پر آگے آنا ہو گا، وفاق تمام صوبوں کی فوڈ

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

اتھارٹیز کو اپنے کنٹرول میں لے لے۔

یہ فیڈرل فوڈ اتھارٹی بنائے‘ اس میں ہزاروں لوگ بھرتی کرے‘ قانون اور سزائیں سخت کرے اور ملک میں جعلی ادویات اور غیر معیاری خوراک کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دے‘ ملک میں کھانے پینے کی کوئی بھی چیز کھلی فروخت نہیں ہونی چاہیے‘ ہر چیز پیک ہو‘ اس پر کمپنی کا نام‘ ایڈریس‘ لائسنس نمبر اور ایکسپائری ڈیٹ درج ہو‘ جو کمپنی خلاف ورزی کرے یا غیر معیاری مصنوعات بیچے ریاست اسے عبرت کی نشانی بنا دے‘ ریستورانوں میں میڈیکل ورکرز بھی ضرور ہونے چاہئیں۔

یہ ہر چیز کے استعمال سے پہلے اس کی ایکسپائری ڈیٹ دیکھیں‘ ریستورانوں کا ہفتہ وار معائنہ بھی ہونا چاہیے‘ خفیہ پولیس آئے‘ ریستوران چیک کرے اور رپورٹ کرے اور یورپ کی طرح ریستورانوں میں ڈیپ فریزر پر بھی پابندی ہونی چاہیے‘ ریستوران روز تازہ گوشت‘ مرغی اور مچھلی لے کر آئیں اور یہ انہیں اسی دن ڈسپوز آف کر کے جائیں‘ یہ اشیاء اگلے دن فروخت نہیں ہونی چاہئیں۔ ہم اب صارفین کی طرف آتے ہیں‘ آپ کوشش کریں آپ کھانا گھر پر کھائیں اور وہ کھانا بھی خود بنائیں‘ دفتر اور کالج میں بھی اپنا کھانا ساتھ لے کر جائیں‘ گوشت اور مرغی خود خرید کر لائیں اور اعتباری دکانداروں سے خریدیں۔

آپ گھر پر بھی گوشت مرغی فریز نہ کریں اور اگر کریں تو ہفتے دس دن سے زیادہ نہ کریں اور آپ جو پیکٹ بھی کھولیں استعمال سے پہلے اس کی ایکسپائری ڈیٹ ضرور دیکھ لیں‘ آپ یہ یاد رکھیں ہم جس ملک میں زندگی گزار رہے ہیں اس میں ہر دوسرا شخص زہر بیچ رہا ہے اور پہلا شخص وہ زہر کھا رہا ہے‘ آپ کوشش کریں آپ پہلے شخص ہوں اور نہ دوسرے‘ کیوں؟ کیونکہ اس ملک میں جو شخص خالص اشیاء بیچے گا وہ ولی اللہ ہو گا اور جو جعل سازوں اور زہر فروشوں سے بچ کر زندگی گزار لے گا وہ عقل مند ترین بلکہ وقت کا افلاطون ہو گا‘ آپ ولی اللہ بنیں یا پھر افلاطون بن جائیں‘ پورا میدان آپ کے لئے کھلا ہے۔

ظاہری وباطنی سماعت وبصارت کھولنا

بہت سے احباب مسلسل رابطہ کرتے رہتے ہیں اور غیبی مخلوق کو دیکھنے اور بات چیت کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ کچھ نے روحانی درسگاہ سے عمل کیے ہوئے ہوتے ہیں تو کچھ نے کہیں اور سے۔ کچھ یہ سمجھ کر عمل کر رہے ہوتے ہیں کہ ”عمل کروں گا تو جن سامنے حاضر ہو جائے گا اور میں جو کام اس کو کہوں گا، وہ کرے گا۔“ ان سب سے گذارش ہے کہ ”روحانی درس گاہ کی طرف سے سکھائے جانے والے اعمال میں کبھی یہ وعدہ یا دعویٰ نہیں کیا گیا کہ عمل کرنے کے بعد ظاہری طور عمل کی غیبی مخلوق سامنے آئے گی یا باطنی طور پر سماعت و بصارت کھل جائے گی اور غیبی مخلوق سے بات چیت ہو سکے گی اور اس کو دیکھا جا سکے گا۔ صرف اتنا کہا جاتا ہے اور لکھا جاتا ہے کہ عمل مکمل کر کے اس کو استعمال کریں، غیبی معاونت ہوگی اور عمل کے فائدے آپ پر ظاہر ہوتے رہیں گے۔ آپ کا کام اس عمل کو ہماری دی گئی ہدایات کے مطابق استعمال کرنا ہے۔ عمل کے پیچھے جو غیبی مخلوق ہے، اس کے چکر میں نہ پڑیں۔“

ظاہری نظر تو قسمت والوں کی ہی کھلتی ہے البتہ باطنی سماعت جلد اور بصارت کافی محنت سے کھل جاتی ہے۔ مگر لوگ چاہتے ہیں کہ محنت بھی نہ کرنی پڑے اور فوراً باطنی سماعت و بصارت کھل جائے۔

ruhanidarsgah@gmail.com

اس بات سے انکار نہیں کہ بہت سے لوگوں کی باطنی سماعت کھلوائی ہے اور وہ لوگ اس سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں مگر اب مصروفیت کے پیشِ نظر اور کچھ شرح صدر نہ ہونے کے باعث یہ سلسلہ خاص کر ان لوگوں کے لیے جو بذریعہ خط و کتابت، فون، ایس ایم ایس (Sms)، واٹس ایپ (Whatsapp) یا ای میل (Email) رابطہ کرتے ہیں، بالکل بند کر رہا ہوں۔ خود میں صلاحیت تو ہوتی نہیں، ملاقات کرتے نہیں، پھر اپنا بھی اور میرا بھی وقت ضائع کرتے ہیں۔ جس کو خواہش ہے، وہ دارالعمل تشریف لائے۔ رہنمائی کر دی جائے گی۔ آگے اُس کی قسمت۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم +92304-7772772 نائب ناظم +92305-7772772 فون +92334-7772776, +92-42-35410586

تعویذ حفظ وجان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

بچوں کی پرورش کرنے اور مہذب بنانے کا دستور العمل

بہشتی زیور کے چوتھے حصہ میں ''اولاد کی پرورش کا طریقہ'' اور اس کے ذیل میں کچھ ضروری دستور العمل ہے۔ دیکھنے سے اس مقام کا بعینہ نقل کر دینا مناسب معلوم ہوا۔ ان کی اہمیت کے پیش نظر ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:

جاننا چاہئے کہ یہ امر بہت ہی خیال رکھنے کے قابل ہے کیونکہ بچپن میں جو عادت بھلی یا بری پختہ ہو جاتی ہے وہ عمر بھر نہیں جاتی۔ اس لئے بچپن سے جوان ہونے تک ان باتوں کا ترتیب وار ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) نیک بخت دیندار عورت کا دودھ پلائیں۔ دودھ کا بڑا اثر ہوتا ہے۔

(۲) عورتوں کی عادت ہے کہ بچوں کو کہیں سپاہی سے ڈراتی ہیں، کہیں اور ڈراؤنی چیزوں سے یہ بری بات ہے۔ اس سے بچہ کا دل بے حد کمزور ہو جاتا ہے۔

(۳) اس کے دودھ پلانے کے لئے، کھلانے کے لئے وقت مقرر رکھو تا کہ وہ تندرست رہے۔

(۴) اس کو صاف ستھرا رکھو کیونکہ اس سے تندرستی رہتی ہے۔

(۵) اس کا بہت زیادہ بناؤ سنگار نہ کرو۔

(۶) اگر وہ لڑکا ہو تو اس کے سر پر بال مت بڑھاؤ۔

(۷) اگر لڑکی ہے اس کو جب تک پردہ میں بیٹھنے کے لائق نہ ہو جائے زیور مت پہناؤ۔ اس سے ایک تو ان کی جان کا خطرہ ہے دوسرے بچپن ہی سے زیور کا شوق دل میں پیدا ہونا اچھا نہیں۔

(۸) بچوں کے ہاتھ سے غریبوں کو کھانا، کپڑا، پیسے اور ایسی چیزیں دلوایا کرو۔ اسی طرح کھانے پینے کی چیزیں ان کے بھائی بہنوں کو یا اور بچوں کو تقسیم کرایا کرو۔ تا کہ ان کو سخاوت کی عادت ہو۔ مگر یہ یاد رکھو کہ تم اپنی چیزیں ان کے ہاتھ سے دلوایا کرو، خود جو چیز انہی کی ہوں (یعنی جس کے وہ مالک ہوں) اس کا دلوانا کسی کو درست نہیں۔

(۹) زیادہ کھانے والوں کی برائی اس کے سامنے کیا کرو مگر کسی کا نام لے کر نہیں بلکہ اس طرح کہ جو کوئی بہت کھاتا ہے لوگ اس کی حبشی کہتے ہیں، اس کو بیل سمجھتے ہیں۔

(۱۰) اگر لڑکا ہو تو سفید کپڑے کی رغبت اس کے دل میں پیدا کرو اور رنگین اور تکلف کے لباس سے اس کو نفرت دلاؤ کہ ایسے کپڑے لڑکیاں پہنتی ہیں۔ تم ماشاءاللہ مرد ہو، ہمیشہ اس کے سامنے ایسی باتیں کیا کرو۔

(۱۱) اگر لڑکی ہو جب بھی زیادہ مانگ چوٹی اور بہت تکلف کے کپڑوں کی عادت اس کو مت ڈالو۔

(۱۲) اس کی سب ضدیں پوری مت کرو کیونکہ اس سے مزاج بگڑ جاتا ہے۔

(۱۳) چلا کر بولنے سے روکو خاص کر اگر لڑکی ہو تو چلانے پر خوب ڈانٹو، ورنہ بڑی ہو کر وہی عادت ہو جائے گی۔

(۱۴) جن بچوں کی عادتیں خراب ہیں، یا پڑھنے لکھنے سے بھاگتے ہیں یا تکلف کے کپڑے یا کھانے کے عادی ہیں، ان کے پاس بیٹھنے سے اور ان کے پاس کھیلنے سے ان کو بچاؤ۔

(۱۵) ان باتوں سے ان کو نفرت دلاتی رہو، غصہ، جھوٹ بولنا، کسی کو دیکھ کر جلنا، یا حرص کرنا، چوری، چغلی، اپنی بات کی پچ کرنا (منوانا) خواہ مخواہ اس کو بنانا، بے فائدہ بہت باتیں کرنا، بے بات ہنسنا، دھوکہ دینا، بھلی بری بات کو نہ سوچنا اور جب ان باتوں میں سے کوئی بات ہو جائے تو فوراً اس پر تنبیہ کرو۔

(۱۶) اگر کوئی چیز توڑ پھوڑ دے یا کسی کو مار بیٹھے تو مناسب سزا دو تا کہ پھر ایسا نہ کرے۔ ایسی باتوں میں دلار پیار بچوں کو کھو دیتا ہے۔

(۱۷) بہت جلدی مت سونے دو۔

(۱۸) جلدی جاگنے کی عادت ڈالو۔

(۱۹) جب سات برس کی عمر ہو جائے تو نماز کی عادت ڈالو۔

(۲۰) جب مکتب میں جانے کے قابل ہو جائے تو پہلے قرآن پڑھواؤ۔

(۲۱) مکتب میں جانے میں کبھی رعایت نہ کرو۔

(۲۲) جہاں تک ہو سکے دیندار استاد سے پڑھواؤ۔

(۲۳) کسی کسی وقت ان کو نیک لوگوں کی حکایتیں (قصے) سنایا کرو۔

(۲۴) ان کو ایسی کتابیں مت دو جن میں عاشقی معشوقی کی باتیں یا شریعت کے خلاف مضمون یا اور بے ہودہ قصے یا غزلیں وغیرہ ہوں۔

(۲۵) ایسی کتابیں پڑھواؤ جس میں دین کی باتیں اور دنیا کی ضروری کاروائی آ جائے۔

(۲۶) مکتب سے آنے کے بعد کسی قدر دل بہلانے کے لیے اس کو کھیلنے کی اجازت دو تا کہ اس کی طبیعت اکتا نہ جائے لیکن ایسا ہو جس میں کوئی گناہ نہ ہو۔ جھوٹ بولنے کا اندیشہ نہ ہو۔

(۲۷) آتش بازی یا باجہ یا فضول چیزیں مول لینے کے لیے پیسہ مت دو۔

(۲۸) کھیل تماشہ دکھلانے کی عادت مت ڈالو۔

(۲۹) اولاد کو ضرور کوئی ایسا ہنر سکھلا دو جس سے ضرورت اور مصیبت کے وقت چار پیسہ حاصل کر کے اپنا اور اپنے بچوں کا گزارہ کر سکے۔

(۳۰) لڑکیوں کو اتنا لکھنا سکھلا دو کہ ضروری خط اور گھر کا حساب کتاب لکھ سکیں۔

(۳۱) بچوں کو عادت ڈالو کہ اپنا کام اپنے ہاتھ سے کیا کریں، اپاہج اور سست نہ ہو جائیں۔ ان سے کہو کہ رات کا بچھونا اپنے ہاتھ سے بچھائیں۔ صبح کو جلدی اٹھ کر تہ کر کے احتیاط سے رکھ دیں۔ کپڑوں کی گٹھری اپنے انتظام میں رکھیں۔ پھٹا ہوا خود سی لیا کریں۔ کپڑے خواہ میلے ہوں یا صاف ایسی جگہ رکھیں جہاں کیڑے، چوہے کا اندیشہ نہ ہو۔ دھوبن کو خود گن کر دیں اور لکھ لیں اور گن کر لیں۔

(۳۲) لڑکیوں کو تاکید کرو کہ جو زیور تمہارے بدن پر ہے رات کو سونے سے پہلے اور صبح جب اٹھو دیکھ بھال کر لیا کرو۔

(۳۳) لڑکیوں سے کہو کہ جو کام کھانے پکانے، سینے پرونے، کپڑے رنگنے، کوئی چیز بننے کا گھر میں ہوا کرے اس کو غور سے دیکھا کرو کہ کیسے ہو رہا ہے۔

(۳۴) جب بچے سے کوئی بات خوبی کی ظاہر ہو اس پر خوب شاباش دو، پیار کرو، بلکہ اس کو کچھ انعام دو تا کہ اس کا دل بڑھے۔ اور جب اس کی بری بات دیکھو تو تنہائی میں اس کو سمجھاؤ کہ دیکھو بری بات ہے۔ دیکھنے والے دل میں کیا کہتے ہوں گے۔ اور جس جس کو معلوم ہو گا وہ کیا کہے گا، خبردار پھر آئندہ مت کرنا۔ اچھے لڑکے ایسا نہیں کرتے اور اگر پھر وہی کرے تو مناسب سزا دو۔

(۳۵) ماں کو چاہئے کہ بچہ کو باپ سے ڈراتی رہے۔

(۳۶) بچہ کو کوئی کام چھپا کر مت کرنے دو، کھیل ہو یا کھانا اور کوئی کام ہو۔ جو کام چھپا کر کرے گا سمجھ جاؤ کہ وہ اس کو برا سمجھتا ہے، اگر وہ برا ہے تو اس کو چھڑاؤ۔ اور اگر اچھا ہے جیسے کھانا پینا تو اس سے کہو کہ سب کے سامنے کھائے پیئے۔

(۳۷) کوئی کام محنت کا اس کے ذمہ مقرر کرو جس سے صحت اور ہمت رہے، سستی نہ آنے پائے، مثلاً لڑکوں کے لیے ڈنڈ کرنا (ہلکی ورزش کرنا)، ایک آدھ میل چلنا (یا دوڑنا) اور لڑکیوں کے لیے چکی یا چرخہ چلانا ضروری ہے۔

(۳۸) چلنے میں تاکید کرو کہ بہت جلدی نہ چلے، نگاہ اوپر اٹھا کر نہ چلے۔

(۳۹) اس کو عاجزی، انکساری اختیار کرنے کی عادت ڈالو۔ زبان سے، چال سے، برتاؤ سے، شیخی نہ بگھارنے پائے۔ یہاں تک کہ اپنے ہم عمر بچوں میں بیٹھ کر اپنے کپڑے یا مکان یا خاندان یا کتاب وقلم ودوات وتختی تک کی تعریف نہ کرنے پائے۔

(۴۰) کبھی کبھی اس کو دو چار پیسہ دے دیا کرو تا کہ اپنی مرضی کے موافق خرچ کیا کرے، مگر اس کی یہ عادت ڈالو کہ کوئی چیز تم سے چھپا کر نہ خریدے۔

(۴۱) اس کو کھانے کا طریقہ اور محفل میں اٹھنے بیٹھنے کا طریقہ سکھلاؤ۔ امید ہے کہ اہل وعیال کی تعلیم وتربیت کے متعلق یہ مضمون کافی ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو سنت کے مطابق کام انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

کیا ہم خود کو زیادہ خوش رکھ سکتے ہیں؟

ہالینڈ کے شہر روٹرڈیم میں 'ورلڈ ہیپینیس ڈیٹا بیس' یعنی عالمی خوشی کے اعداد وشمار کے مطابق خوشی میں اضافہ ممکن ہے اور ہم خود کو زیادہ خوش رکھ سکتے ہیں۔

دنیا بھر سے یکجا کیے گئے اعداد وشمار پر مبنی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ یہ عین ممکن ہے کہ ہم جہاں خوشیاں تلاش کررہے ہوں ان راہوں پر خوشیاں نہ ہوں۔

روٹرڈیم کی ایراسمس یونیورسٹی میں سماجی حالات اور انسانی مسرت کے پروفیسر امیریٹس اور ڈیٹا بیس کے ڈائریکٹر پروفیسر روٹ وین ہاون کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنے مطالعہ میں لوگوں کے اہداف اور اس کے نتیجے میں ان کی خوشی کے ذکر میں منفی تعلق پایا۔

ان کا کہنا ہے کہ ''عام طور پر بھلے ہی یہ سمجھا جاتا کہ خوشحال زندگی گزارنے کے لئے کسی ہدف کا ہونا ضروری ہے لیکن اس بارے میں متفرق آراء نظر آتی ہیں۔اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ کئی بار اداس افراد اپنے اہداف کے تئیں زیادہ بیدار ہوتے ہیں کیونکہ خوشی کے حصول کے لیے وہ اپنی زندگی کو بدلنا چاہتے ہیں۔''

اس تحقیق کا سب سے منفرد نتیجہ شاید یہ ہے کہ زندگی میں معنی تلاش کرنے اور خوش رہنے کے درمیان بظاہر کوئی تعلق نہیں ہے۔

پروفیسر وین ہاون کا کہنا ہے: ''مجھے حیرت ہے کہ ہمیں ان دونوں میں کوئی تعلق نظر نہیں آیا۔تحقیق سے یہ بات سامنے آتی ہے خوشی کا سب سے مضبوط تعلق ایک فعال زندگی سے ہے۔''

ان کا کہنا ہے: ''ایک خوشحال اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ہے کہ آپ فعال رہیں۔خوشی کے لیے سرگرمی اور فعالیت زیادہ ضروری ہے بہ نسبت اس کے کہ یہ کیسے ہے اور ہم ایسے کیوں ہیں۔''

اس ڈیٹا بیس کی سب سے اچھی خبر یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی کو مزید خوشیوں بھری بنا سکتے ہیں اور اس کے بیرونی محرکات میں صرف پیسہ ہونا ضروری نہیں ہے۔

وین ہاون کا کہنا ہے کہ ''تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ہم خود کو خوش رکھ سکتے ہیں کیونکہ خوشی بھی وقت کے ساتھ بدلتی ہے۔ یہ تبدیلی صرف بہتر حالات کی وجہ سے ہی نہیں بلکہ زندگی کو متوازن طریقے سے گزارنے سے بھی آتی ہے۔ بزرگ اور معمر لوگ نسبتاً زیادہ عقلمند ہونے کی وجہ سے بھی خوش رہتے ہیں۔''

ڈیٹا بیس کی تحقیق کے مطابق آپ اس وقت زیادہ خوش ہو سکتے ہیں جب:

* آپ کسی کے ساتھ طویل عرصے تک رشتہ قائم رکھیں۔
* جب آپ سیاست میں سرگرم ہوں۔
* کام اور فرصت کے اوقات میں بھی سرگرم رہیں۔
* ڈنر کے لئے باہر جاتے ہوں۔
* کسی کے ساتھ گہری دوستی ہو (اگرچہ دوستوں کی تعداد سے خوشی میں اضافے کا تعلق نہیں ہے)۔

تحقیق کے مطابق کچھ حیرت انگیز نتائج یہ بھی ہیں:

* جو لوگ میانہ روی کے ساتھ شراب نوشی کرتے ہیں وہ ان لوگوں کے مقابلے میں زیادہ خوش رہتے ہیں جو بالکل نہیں پیتے۔
* مرد اس معاشرے میں زیادہ خوش رہتے ہیں جہاں خواتین کو زیادہ مساوی حقوق حاصل ہوتے ہیں
* کسی مرد کی خوشی میں اس بات سے زیادہ اضافہ ہوتا خوش شکل تصور کیا جاتا ہے جبکہ خواتین کو اس بابت ان سے کم خوشی کا احساس ہوتا ہے۔
* جب آپ خود کو خوبصورت تصور کرتے ہیں تو آپ اس بات سے زیادہ خوش ہوتے ہیں کہ آپ واقعی خوش شکل ہیں۔
* بچوں کی پیدائش سے خوشی کی سطح کم ہوجاتی ہے لیکن آپ کی خوشی اس وقت بڑھ جاتی ہے جب وہ بڑے ہوجاتے ہیں۔

جرمنی میں 2004 ہونے والی ایک مطالعہ میں نقل وحمل میں گزارے گئے وقت اور زندگی سے ملنے والے سکون کے درمیان گہرا (بقیہ ص 15)

کیا ہم خود کو زیادہ خوش رکھ سکتے ہیں؟

ہالینڈ کے شہر روٹرڈیم میں 'ورلڈ ہیپینس ڈیٹا بیس' یعنی عالمی خوشی کے اعداد و شمار کے مطابق خوشی میں اضافہ ممکن ہے اور ہم خود کو زیادہ خوش رکھ سکتے ہیں۔

دنیا بھر سے یکجا کیے گئے اعداد و شمار پر مبنی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ یہ عین ممکن ہے کہ ہم جہاں خوشیاں تلاش کر رہے ہوں ان راہوں پر خوشیاں نہ ہوں۔

روٹرڈیم کی ایراسمس یونیورسٹی میں سماجی حالات اور انسانی مسرت کے پروفیسر امیریٹس اور ڈیٹا بیس کے ڈائریکٹر پروفیسر روٹ وین ہاون کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنے مطالعہ میں لوگوں کے اہداف اور اس کے نتیجے میں ان کی خوشی کے ذکر میں منفی تعلق پایا۔

ان کا کہنا ہے کہ ''عام طور پر بھلے ہی یہ سمجھا جاتا کہ خوشحال زندگی گزارنے کے لئے کسی ہدف کا ہونا ضروری ہے لیکن اس بارے میں متفرق آراء نظر آتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ کئی بار داس افراد اپنے اہداف کے تئیں زیادہ بیدار ہوتے ہیں کیونکہ خوشی کے حصول کے لیے وہ اپنی زندگی کو بدلنا چاہتے ہیں۔''

اس تحقیق کا سب سے منفرد نتیجہ شاید یہ ہے کہ زندگی میں معنی تلاش کرنے اور خوش رہنے کے درمیان بظاہر کوئی تعلق نہیں ہے۔

پروفیسر وین ہاون کا کہنا ہے: ''مجھے حیرت ہے کہ ہمیں ان دونوں میں کوئی تعلق نظر نہیں آیا۔ تحقیق سے یہ بات سامنے آتی ہے خوشی کا سب سے مضبوط تعلق ایک فعال زندگی سے ہے۔''

ان کا کہنا ہے: ''ایک خوشحال اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ہے کہ آپ فعال رہیں۔ خوشی کے لیے سرگرمی اور فعالیت زیادہ ضروری ہے بہ نسبت اس کے کہ یہ کیسے ہے اور ہم ایسے کیوں ہیں۔''

اس ڈیٹا بیس کی سب سے اچھی خبر یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی کو مزید خوشیوں بھری بنا سکتے ہیں اور اس کے بیرونی محرکات میں صرف پیسہ ہونا ضروری نہیں ہے۔

وین ہاون کا کہنا ہے کہ ''تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ہم خود کو خوش رکھ سکتے ہیں کیونکہ خوشی بھی وقت کے ساتھ بدلتی ہے۔ یہ تبدیلی صرف بہتر حالات کی وجہ سے ہی نہیں بلکہ زندگی کو متوازن طریقے سے گزارنے سے بھی آتی ہے۔ بزرگ اور معمر لوگ نسبتاً زیادہ عقلمند ہونے کی وجہ سے بھی خوش رہتے ہیں۔''

ڈیٹا بیس کی تحقیق کے مطابق آپ اس وقت زیادہ خوش ہو سکتے ہیں جب:

* آپ کسی کے ساتھ طویل عرصے تک رشتہ قائم رکھیں۔
* جب آپ سیاست میں سرگرم ہوں۔
* کام اور فرصت کے اوقات میں بھی سرگرم رہیں۔
* ڈنر کے لئے باہر جاتے ہوں۔
* کسی کے ساتھ گہری دوستی ہو (اگرچہ دوستوں کی تعداد سے خوشی میں اضافے کا تعلق نہیں ہے)۔

تحقیق کے مطابق کچھ حیرت انگیز نتائج یہ بھی ہیں:

* جو لوگ میانہ روی کے ساتھ شراب نوشی کرتے ہیں وہ ان لوگوں کے مقابلے میں زیادہ خوش رہتے ہیں جو بالکل نہیں پیتے۔
* مرد اس معاشرے میں زیادہ خوش رہتے ہیں جہاں خواتین کو زیادہ مساوی حقوق حاصل ہوتے ہیں
* کسی مرد کی خوشی میں اس بات سے زیادہ اضافہ ہوتا خوش شکل تصور کیا جاتا ہے جبکہ خواتین کو اس بابت ان سے کم خوشی کا احساس ہوتا ہے۔
* جب آپ خود کو خوبصورت تصور کرتے ہیں تو آپ اس بات سے زیادہ خوش ہوتے ہیں کہ آپ واقعی خوش شکل ہیں۔
* بچوں کی پیدائش سے خوشی کی سطح کم ہو جاتی ہے لیکن آپ کی خوشی اس وقت بڑھ جاتی ہے جب وہ بڑے ہو جاتے ہیں۔

جرمنی میں **2004** ہونے والی ایک مطالعہ میں نقل و حمل میں گزارے گئے وقت اور زندگی سے ملنے والے سکون کے درمیان گہرا (بقیہ ص 15)

کڑاہی والا عمل

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل مجرب المجرب عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ چاہے وہ کتنے ہی بڑے جادوگر اور عامل ہوں، اس عمل کے سامنے ان کی طاقتیں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ جو انسانی جادوگر پیچھے سے وار کر رہا ہوتا ہے، اس کی طاقتیں بھی کڑاہی میں جل کر خاک ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کو صرف بڑے عامل ہی کر سکتے ہیں۔ خاص کر ان جگہوں پر کیا جاتا ہے، جہاں جادو اور جنات نے بسیرا کر لیا ہو اور کسی طرح بھی نکلنے کا نام نہ لے رہے ہوں۔ اس عمل میں تین سے چار بڑے چلّے کروائے جاتے ہیں۔

ھدیہ اجازت عمل 30000 روپے

ruhanidarsgah +92309-7772776 +9242-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92331-7772776 ruhanidarsgah97

تھیلی والا عمل

سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل کے پیچھے عامل جنات غیبی معاونت کرتے ہیں، جو جادو اور شیاطین، آسیب، خبیث جنات اور ہر طرح کے جادوگر...... چاہے وہ انسانوں میں سے ہو یا جنات وشیاطین میں سے...... سے لڑنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

یہ عمل صرف ان عاملین کے لیے ہے، جنہوں نے بنیادی ریاضتیں کی ہوئی ہوں۔ اس عمل میں چالیس یوم کا چلّہ با پرہیز کیا جاتا ہے۔ کامیابی پر عامل، بڑے سے بڑے جادو اور جنات کا علاج آسانی سے کر سکتا ہے۔

ھدیہ اجازت عمل 4100 روپے

ruhanidarsgah +92309-7772776 +9242-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92331-7772776 ruhanidarsgah97

بکرے کے صدقے کا عمل

جب جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہو جائیں تو ان کے علاج کے لیے بکرے کے صدقے کا خاص عمل کیا جاتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے جادو اور جنات مریض کا جسم چھوڑ دیتے ہیں اور کسی قسم کا نقصان دیے بغیر چھوڑتے ہیں۔ یہ عمل ان مریضوں کے لیے کیا جاتا ہے، جو عرصے سے جادو اور جنات کے اثرات میں مبتلا رہ کر کئی طرح کے امراض کا شکار ہو گئے ہوں۔ اسی طرح اس عمل کو لاعلاج اور ڈاکٹروں سے مایوس مریضوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے، جس سے شفاء کی ایک نئی امید مریضوں کو ملتی ہے۔ اس عمل میں ایک با پرہیز چلّہ کرنا پڑتا ہے۔

ھدیہ اجازت عمل 4100 روپے

ruhanidarsgah +92309-7772776 +9242-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92331-7772776 ruhanidarsgah97

اونٹ کی ہڈی والا عمل

اونٹ کی ہڈی کا مشہور عمل جو گھر سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اس عمل میں دو چلّے کرنے پڑتے ہیں۔ اس کے بعد عامل اس قابل ہو جاتا ہے کہ اونٹ کی ہڈی پڑھ کر دے اور مریض گھر میں رکھے تو بد اثرات، جادو اور خبیث جنات گھر چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔

ھدیہ اجازت عمل 3100 روپے

ruhanidarsgah +92309-7772776 +9242-35410586
روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92331-7772776 ruhanidarsgah97

تعلیم لڑکیوں کی ضروری تو ہے مگر

مولانا ندیم الواجدی (بھارت)

ملک کے مختلف شہروں سے خبریں آرہی ہیں کہ مسلمان لڑکیاں ہندو لڑکوں کے دام محبت میں گرفتار ہوکر اپنا مذہب بھی تبدیل کررہی ہیں اوران لڑکوں کے ساتھ شادی بھی رچارہی ہیں، ظاہر ہے اس طرح کی خبریں انتہائی تشویش ناک ہیں، عشق ومحبت جسے ہم ہوس پرستی سے بھی تعبیر کرسکتے ہیں جیسے عارضی اور حقیر جذبے کے لیے ایمان جیسی دائمی اور بیش قیمت دولت گنوادینا ان لڑکیوں کے لیے تو انتہائی بدبختی کی بات ہے ہی خود ان کے خاندانوں کے لیے بھی انتہائی شرمناک اور ذلت ناک معاملہ ہے، بلکہ پوری ملت اسلامیہ کے لیے رسوائی کا باعث ہے، تبدیلیٔ مذہب کے واقعات علم میں بھی نہ آتے اگر شادی بیاہ رجسٹریشن کا قانونی سلسلہ نہ ہوتا، سرکاری اعدادوشمار سے پتہ چلتا ہے کہ ۲۰۱۷ء، ۲۰۱۸ء میں کئی سو مسلم لڑکیوں نے اپنا مذہب بدلا ہے اور ہندو لڑکوں کے ساتھ شادی کے پھیرے لیے ہیں، اب سوشل میڈیا پر یہ بحث شروع ہوگئی ہے کہ اس کا سبب کیا ہے کہ مسلمان لڑکیاں اس برق رفتاری کے ساتھ ہندو لڑکوں کے ساتھ فرار ہورہی ہیں اوران کے ساتھ شادی کررہی ہیں، ابھی تک کسی مسلم تنظیم نے اس سوال کو اپنے ایجنڈے کا حصہ نہیں بنایا، حالاں کہ یہ ہماری تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان خبروں کا نوٹس لیں اور ارتداد کی اس لہر کے پس پشت کارفرما حقیقی عوامل کا پتہ لگائیں اوران کے تدارک کی کوشش کریں۔

یہ خبریں بھی آچکی ہیں کہ آر ایس ایس اوراس کی آئیڈیالوجی پر کام کرنے والی تنظیمیں اپنے نوجوانوں کو مسلسل یہ سبق پڑھارہی ہیں وہ مسلم لڑکیوں کو اپنی محبت کے جال میں پھانسیں اوران سے شادی رچائیں، حال ہی میں مسلم لڑکیوں کے بھٹکنے کے جو واقعات پیش آئے ہیں ان کا بنیادی سبب یہ سبق ہی ہے جو نہایت شدت کے ساتھ ہندو نوجوانوں کو پڑھایا جارہا ہے، مسلمان سیاسی اور سماجی طور پر اتنے کمزور ہوچکے ہیں کہ وہ ان واقعات پر کوئی احتجاج بھی نہیں کرپاتے، دوسری طرف اگر اس طرح کا کوئی واقعہ ہندوسماج میں رونما ہوتا ہے تو بھگوا تنظیمیں چیخ چیخ کر آسمان سر پر اٹھالیتی ہیں، گذشتہ سال دیوبند میں ایسا ہی ایک واقعہ پیش آیا، ایک مسلم لڑکے کا تعلق اپنے محلے میں رہنے والی ایک ہندو لڑکی سے ہوگیا، لڑکا سعودی عرب میں برسرروزگار تھا، فیس بک وغیرہ کے ذریعے دونوں ایک دوسرے سے رابطے میں تھے، دونوں نے گھر سے بھاگ کر شادی کرنے کا پروگرام بنایا، لڑکا خاموشی کے ساتھ سعودی عرب سے دیوبند آیا، اور دونوں فرار ہوگئے، لڑکی بالغ تھی، اس نے مذہب تبدیل کیا، پہلے نکاح کیا، پھر کورٹ میرج کیا، تمام قانونی دستاویزات کے ساتھ وہ لوگ دیوبند سے چند گھنٹے کے فاصلے پر واقع ایک شہر میں مقیم ہوگئے، جیسے ہی گھر والوں کو لڑکی کی عدم موجودگی کا پتہ چلا انھوں نے آسمان سر پر اٹھالیا، ہندو پریشد وغیرہ کے نوجوان بھی ساتھ آگئے، لڑکے کے گھر پر حملہ کیا گیا، اس کے والدین اور بھائی بہنوں کو گھر سے فرار ہوکر محفوظ پناہ گاہ تلاش کرنی پڑی، بھگوا جماعتوں کے مسلسل دباؤ سے مجبور ہوکر پولیس نے ان دونوں کے موبائل سرولانس پر ڈال کر انھیں تلاش کرلیا، دونوں کو دیوبند لایا گیا، لڑکی نے جو عاقل بالغ تھی انتہائی بے باکی کے ساتھ بیان دیا کہ میں نے اپنی مرضی سے مذہب تبدیل کیا ہے، اپنی مرضی سے اس لڑکے کے ساتھ شادی کی ہے اور میں اس کے ساتھ ہی رہنا چاہتی ہوں، اس کی ایک نہ سنی گئی، آرایس ایس کے لوگ اس لڑکی کو لے کر چلے گئے اوراس کی شادی قریب کے ایک گاؤں میں کردی، غنیمت ہوا کہ لڑکے کو چھوڑ دیا گیا، بعید نہ تھا کہ اسے ہندو لڑکی کو ورغلانے اور بہکانے کے جرم میں سزادی جاتی، یہ واقعہ اوراس طرح کے واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ مسلمان لڑکوں سے اگر جانے انجانے میں اس طرح کی کوئی غلطی سرزد ہوجاتی ہے تو ہندوسماج کے دباؤ میں پولیس حرکت میں آجاتی ہے اور لڑکی کو اپنی تحویل میں لے لیتی ہے، دوسری طرف اس طرح کے واقعات مسلم لڑکیوں کے ساتھ لگا تار پیش آرہے ہیں، ان کو یہ کہہ کر نظر انداز کردیا جاتا ہے کہ مذہب تبدیل کرنا یا اپنی پسند کی شادی کرنا ہر عاقل بالغ شہری کا دستوری حق ہے، ان حالات میں مسلمانوں کو غور کرکے خود ہی کوئی حل تلاش کرنا ہوگا، ہماری غفلت اور خاموشی سے حالات دن بہ دن سنگین ہوتے چلے جائیں گے اور

بعد میں تدارک کی کوئی سبیل باقی نہیں بچے گی۔

جہاں تک ہمارا خیال ہے مسلم لڑکیاں اس لیے صحیح راستے سے بھٹک رہی ہیں کہ ان کے والدین نے ان کو بے لگام چھوڑ دیا ہے، ترقی نسواں کے نام پر مسلسل فریب دیا جارہا ہے اور والدین اس فریب کا شکار ہو رہے ہیں، گھر کا ماحول خراب ہو رہا ہے، ٹی وی کے ذریعے فحاشی کا سیلاب بڑھتا چلا آرہا ہے، والدین میں سے کسی کو یہ خیال تک نہیں آتا کہ اس سیلاب پر بند لگایا جائے، صورت حال یہ ہے کہ ہمارے شہروں، قصبوں یہاں تک کہ دیہات میں بھی اب کوئی مسلم خاندان ایسا نہیں ہے جس میں ٹی وی کو زندگی کا حصہ نہ سمجھا جاتا ہو، اس سے ہمارے بچوں پر کیا خراب اثرات مرتب ہو رہے ہیں اس کا کسی کو احساس تک نہیں ہے، سب سے بڑھ کر تو یہ کہ اس سے بے حیائی کو فروغ مل رہا ہے، فحاشی عام ہو رہی ہے، اسلام اور اسلامی تہذیب سے نفرت اور بیگانگی بڑھ رہی ہے، حجاب قصۂ پارینہ بنتا جارہا ہے، ڈراموں اور فلموں میں جو کچھ دیکھا جارہا ہے عملی زندگی میں اس کی تقلید کی جارہی ہے، والدین خوش ہیں کہ ان کا گھرانا شاہ راہِ ترقی پر گامزن ہے، وہ سماجی طور پر اوپر اٹھ رہے ہیں، آگے بڑھ رہے ہیں، انھیں یہ پتہ نہیں کہ یہ ترقی ایمان اور اسلامی تہذیب کی قیمت پر ہو رہی ہے۔

ٹی وی تو خطرناک ہے ہی اسمارٹ فون اس سے بھی زیادہ خطرناک ہے، شاید ہی کوئی لڑکا یا لڑکی ایسی ہو جس کے ہاتھ میں موبائل فون نہ ہو، اب وہ اس میں کیا دیکھتے ہیں، اس کو کن مقاصد میں استعمال کرتے ہیں، ماں باپ کو یہ جاننے کا نہ ہوش ہے، نہ فکر ہے اور نہ فرصت، وہ خود اسی مرض میں گرفتار ہیں، پورا معاشرہ اسمارٹ فون کی زد میں ہے اور تباہ ہو رہا ہے، گھر سے بھاگنے کے جو واقعات پیش آرہے ہیں ان میں موبائل فون کا زبردست کردار ہے، ضروری ہے کہ اپنے بچوں کو اسمارٹ فون سے دور رکھا جائے اور اگر تعلیمی مقاصد کے لیے ان کے ہاتھوں میں اسمارٹ فون دینا ضروری ہی ہو تو ان کی نگرانی بھی کی جائے، ان کو موبائل فون تھما کر آزاد چھوڑنا ایسا ہی ہے جیسے انھیں بے حیائی کا راستہ دکھا دیا جائے اور اس پر چلنے کے لیے انھیں آزاد چھوڑ دیا جائے۔

